Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 جمعرات، 5 اکتوبر 2023ء، 18 ربیع الاول 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 157

افغان فوجی کی فائرنگ، بچے سمیت دو پاکستانی شہید

چمن بارڈر کراسنگ کے فرینڈ شپ گیٹ پر تعینات ایک افغان فوجی نے بلا اشتعال اور اندھا دھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں 12 سالہ بچے سمیت دو پاکستانی شہری شہید اور ایک بچہ زخمی ہوگیا

یہ واقعہ زیرو لائن پر واقع آؤٹ باؤنڈ گیٹ پر پیش آیا، تاہم سیکیورٹی فورسز نے انتہائی تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے بے گناہ مسافروں کی موجودگی میں فائرنگ کے تبادلے سے گریز کیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) چمن بارڈر کراسنگ کے فرینڈ شپ گیٹ پر تعینات افغان فوجی کی راہگیروں پر بلااشتعال اندھا دھند فائرنگ سے 12 سالہ بچے سمیت دو پاکستانی شہید ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک افغان سرحد کے ساتھ چمن بارڈر کراسنگ کے فرینڈ شپ گیٹ پر تعینات ایک افغان فوجی نے پاکستان سے افغانستان جانے والے راہگیروں پر بلا اشتعال اور اندھا (بقیہ نمبر 29)

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی راولپنڈی چیمبر آف کامرس میں تقریب سے خطاب کرر ہے ہیں

تارکین وطن کا معاملہ، وزیراعلیٰ پنجاب نے پولیس کو ٹاسک سونپ دیا

پولیس موثر آپریشن کے ذریعے غیر قانونی تارکین وطن کا ڈیٹا اکٹھا کرے' محسن نقوی

لاہور (این این آئی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے تارکین وطن کا ڈیٹا جمع کرنے کے لیے پولیس کو ٹاسک سونپ دیا۔ ذرائع کے مطابق پنجاب حکومت نے اپیکس کمیٹی اجلاس کے بعد پنجاب میں آپریشن کا فیصلہ کیا۔ پنجاب حکومت نیشنل ایکشن پلان کے تحت غیر قانونی تارکین وطن کے خلاف کارروائی شروع کر رہی ہے۔ تارکین وطن کے ڈیٹا سے متعلق نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے آئی جی پنجاب اور تمام(بقیہ نمبر 30)

پنجاب ریونیو اتھارٹی کا ماسٹر فرنچائزرز سے ٹیکس وصولی کا فیصلہ

تمام فرنچائزرز سے انفرادی کی بجائے ریسٹورنٹس کی ماسٹر فرانچائزر سے ٹیکس وصول کیا جائیگا' ترجمان

لاہور(این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے ٹیکس چوری روکنے کیلئے ماسٹر فرنچائزرز سے ٹیکس وصول کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ترجمان کے مطابق تمام ایسے ریسٹورنٹس جو فرنچائز کے طور پر چل رہے ہیں ان ریسٹورنٹس کا (بقیہ نمبر 33)

حالیہ دہشتگردی میں افغان دہشتگردوں کے ملوث ہونے کی تصدیق

چند مہینوں میں پاکستان میں ہونے والے 24 خودکش حملہ آوروں میں سے 14 افغانی تھے، سرکاری ذرائع

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان میں ہونے والی حالیہ دہشتگردی میں افغان دہشتگردوں کے ملوث ہونے کی تصدیق ہوئی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق افغان دہشتگرد پاکستان میں عرصے سے غیرقانونی (بقیہ نمبر 32)

نواز شریف انتقام لینے واپس نہیں آرہے، شہباز شریف

2013 میں نواز شریف نے 20، 20 گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ ختم کی، تب بجلی نہیں تھی اور لوگ بیروزگار تھے

لاہور: (اے ایف پی) ن لیگ کے صدر شہباز شریف نے کہا ہے کہ پارٹی کے قائد نواز شریف انتقام لینے کے لئے واپس نہیں آ رہے۔ شہباز شریف نے لاہور میں اپنے حلقے میں کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 31)

وزیراعلیٰ کا راولپنڈی چیمبر کا دورہ

محسن نقوی کی کابینہ کے ہمراہ راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز آمد، بزنس وویمنز، سمال اینڈ میڈیم انٹرپیرز اور کاٹیج انڈسٹریز کے ڈسپلے سینٹر کا سنگ بنیاد رکھا

بزنس کمیونٹی کو سرکاری ہسپتال لینے اور خود ہی چلانے کی پیشکش، سنٹرل بزنس ڈسٹرکٹ اتھارٹی کا دائرہ کار راولپنڈی تک بڑھانے کا اعلان

پنجاب کے عوام کو ریلیف دینے کیلئے ایک ٹیم ورک کے طور پر کام کر رہے ہیں، صوبائی وزراء اور افسران مل کر ڈیلیور کر رہے ہیں' محسن نقوی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیر اعلی محسن نقوی نے پنجاب کابینہ کے ہمراہ راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے بزنس وویمنز، سمال اینڈ میڈیم انٹرپیرز اور کاٹیج انڈسٹریز کے ڈسپلے سینٹر کا سنگ بنیاد رکھا اور پراجیکٹ کی سائٹ پر بیلچے کے ساتھ مٹی کھدائی کر کے تعمیراتی کام کا آغاز کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز میں بزنس وویمنز۔ سمال اینڈ میڈیم انٹرپیرز اور کاٹیج انڈسٹریز کے ڈسپلے سینٹر کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بزنس کمیونٹی کو سرکاری ہسپتال لینے اور خود ہی چلانے کی پیشکش کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے لاہور کے بعد سنٹرل بزنس ڈسٹرکٹ اتھارٹی(بقیہ نمبر 43)

وزیر مذہبی امور انیق احمد سعودی سفارت خانے میں سفیر نواف سعید المالکی سے ملاقات کرر ہے ہیں

حج انتظامات پر حکومت سعودی عرب کے دلی شکرگذار ہیں' وزیر مذہبی امور انیق احمد

وزیر مذہبی امور انیق احمد کی سعودی سفیر نواف سعید المالکی اور رابطہ عالم اسلامی کے ریجنل ڈائریکٹر سعد الحارثی سے ملاقات

سیکرٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی ڈاکٹر عبدالکریم العیسی 15 نومبر کو سیرت میوزیم کا سنگ بنیاد رکھیں گے

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) حج انتظامات کے سلسلے میں حکومتِ سعودی عرب کے دلی شکرگذار ہیں۔ یہ بات وزیر مذہبی امور انیق احمد نے پاکستان میں تعینات سعودی سفیر نواف سعید المالکی اور رابطہ عالم اسلامی کے ریجنل ڈائریکٹر سعد الحارثی سے ملاقات کے دوران کہی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر مذہبی امور دونوں رہنماؤں سے ملاقات کے دوران آئندہ حج انتظامات اور باہمی (بقیہ نمبر 34)

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی راولپنڈی چیمبر کے وومن انٹرپرینورز کے سمال اینڈ میڈیم سائز انٹرپرائز ز کاٹیج انڈسٹری کے ڈسپلے سنٹر کا افتتاح کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

خواتین کی ترقی اور حقوق کیلئے بھرپور اقدامات کرنے کی ضرورت ہے

خواتین کو معاشی طور پر مضبوط بنانے کے لئے انہیں کاروبار میں یکساں مواقع فراہم کرنا ہوں گے

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کا وومن بزنس نیٹ ورک کے زیراہتمام رائزنگ وویمن 2023 کے موضوع پر منعقدہ تقریب سے خطاب

اسلام آباد(آئی آئی پی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے خواتین کی ترقی اور حقوق کے لئے بھرپور اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے خواتین کو معاشی طور پر مضبوط بنانے کے لئے انہیں کاروبار میں یکساں مواقع فراہم کرنا ہوں گے، پاکستان کی 50 فیصد آبادی کو پیداواری افرادی قوت میں تبدیل کرنے کے لیے خواتین کی مالی شمولیت ناگزیر ہے، خواتین کو انفارمیشن(بقیہ نمبر 45)

سائفر کیس کی ان کیمرا سماعت کی درخواست مسترد

اسلام آباد ہائیکورٹ نے 2 روز قبل ایف آئی اے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کیا تھا

اسلام آباد(اے ایف پی) ہائی کورٹ نے سائفر کیس کی کارروائی ان کیمرا کرنے کی ایف آئی اے کی درخواست مسترد کردی، سماعت اوپن کورٹ میں ہی ہوگیا سلام آباد ہائی کورٹ نے ایف آئی اے کی جانب سے سائفر کیس کی ان کیمرا سماعت کی درخواست پر فیصلہ سنادیا۔ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی (بقیہ نمبر 35)

پنجاب کے 108 سول ججز کے تقرروتبادلے کردیئے گئے

لاہور (اے ایف پی) پنجاب کے 108 سول ججز کے تقرر وتبادلے کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی منظوری کے بعد پنجاب کی ماتحت عدلیہ کے ججز کے بڑے پیمانے تبادلے(بقیہ نمبر 44)

غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کی جیوٹیگنگ کا سلسلہ تیز

فورتھ شیڈول میپنگ میں 2ہزار 291 افغان تربیت یافتہ انتہا پسندوں کی نشاندہی کرلی گئی

لاہور(این این آئی) پنجاب میں غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کی جیوٹیگنگ کا سلسلہ تیز کردیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ فورتھ شیڈول میپنگ میں 2ہزار 291 فغان(بقیہ نمبر 36)

مقامی آبادی میں غیرمقامی بغیر فیملی نوجوان لڑکوں کی رہائش فیملز اذیت کا شکار

غیر مقامی لیبر کی جب سے شہر میں انٹری ہوئی تب سے کرائم بہت زیادہ بڑھ گیا انکا کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں شہری حلقے

متعدد بار غیر رجسٹرڈ افراد کی رجسٹریشن چیک کرنے کے حوالے سے پیچیدہ مسلے کو اجاگر کیا گیا مگر پولیس ٹس سے مس نہ ہوئی

آئی جی پنجاب، RPO, CPO راولپنڈی سختی سے نوٹس لیکر بغیر فیملز کے رہائش پذیر نوجوانوں کی رہائشیں کمرشل ایریاز میں منتقل کروائیں

گوجرخان (قمرشہزاد) شہر میں گنجان آباد ایریاز میں آبادی کے اندر غیر مقامی غیر رجسٹرڈ لیبر کی بھرمار ہاوسنگ سکیم ٹو اور شہر کے دیگر حصوں میں آبادی والے علاقوں میں بلاٹوک ٹوک دھڑلے سے غیر مقامی اکیلے مردوں کی رہائشیں علاقہ مکینوں کے لیے ہائی سکیورٹی رسک بن گئیں تفصیلات کے مطابق مقامی رہائشی آبادیوں کے اندر سینکڑوں بغیر فیملیز کے(بقیہ نمبر 55)

صوبے بھر میں 155 نئے مریضوں میں ڈینگی کی تصدیق

لاہور میں 58، راولپنڈی میں 50، ملتان میں 15 نئے مریض سامنے آئے' سیکرٹری صحت

لاہور(این این آئی) 24 گھنٹے کے دوران صوبے بھر میں 155 نئے مریضوں میں ڈینگی کی تصدیق ہوئی۔ سیکرٹری صحت علی جان خان کے مطابق (بقیہ نمبر 46)

WBN
Women Business Network
Rising Women 2023
Pakistan
صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی تقریب سے خطاب کرر ہے ہیں

میاں صاحب آپ آؤ اور جیل جاؤ آپ ہیرو بن جاؤ گے

گارنٹی دیتا ہوں کہ شہباز شریف ان کی سیٹ پر قبضہ نہیں کریں گے' خورشید شاہ

اسلام آباد(آئی آئی پی) پیپلز پارٹی کے رہنما خورشید شاہ کا کہنا ہے کہ میاں صاحب آپ آؤ اور جیل جاؤ آپ ہیرو بن جاؤ گے، گارنٹی دیتا ہوں کہ شہباز شریف ان کی سیٹ پر قبضہ نہیں کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق پی پی رہنما خورشید شاہ نے نجی ٹی (بقیہ نمبر 37)

تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر لگنے سے موٹر سائیکل سوار لڑکا جان بحق

17 حماد علی جب سمندری روڈ پر 235ر۔ب نیاموآنہ کے قریب توحادثہ پیش آگیا

حادثے کا مرتکب ڈرائیور فرار ہوگیا، پولیس نے نعش قبضہ میں لیکر پوسٹمارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کرکے تفتیش شروع کردی

فیصل آباد(بیورو رپورٹ) سمندری روڈ پر نیاموآنہ کے قریب تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر لگنے سے موٹرسائیکل سوار لڑکا جاں بحق، حادثے کا مرتکب ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا۔ پولیس نے نعش قبضہ میں لیکر پوسٹمارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کرکے تفتیش شروع کردی۔ بتایا جاتا ہے کہ ستی ولاز کا رہائشی 17 سالہ حماد علی ولد عمر حیات موٹرسائیکل پر جارہا تھا کہ جب وہ سمندری روڈ پر 235ر۔ب نیاموآنہ (بقیہ نمبر 38)

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید اصغر زیدی سنڈیکیٹ کے 69ویں اجلاس کی صدارت کرر ہے ہیں

مولانا فضل الرحمٰن مسلم لیگ ن کے اسلامی ترجمان ہیں، شعیب شاہین

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے ترجمان شعیب شاہین نے مولانا فضل الرحمٰن کے سردیوں میں انتخابات کروانے کے بیان پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن مسلم لیگ(ن) کے اسلامی ترجمان ہیں۔ ترجمان پی ٹی آئی اور ممبر کور کمیٹی شعیب شاہین (بقیہ نمبر 47)

ملزمان کی گرفتاری کے وقت پروسیجر اختیار نہ کرنے پر جسمانی ریمانڈ کالعدم قرار

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق ندیم نے 9 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کردیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پولیس کی جانب سے ملزمان کی گرفتاری کے وقت پروسیجر اختیار نہ کرنے پر جسمانی ریمانڈ کالعدم قرار دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق ندیم نے 9 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کردیا جس کے مطابق(بقیہ نمبر 48)

نارووال، ماموں نے 2 بھانجوں کو قتل کر دیا

ملزم لاشیں کھیتوں میں پھینک کر فرار ہوگیا، مقتول بچوں کی عمر 10 سال کے قریب ہے، پولیس

نارووال (این این آئی) ضلع نارووال کی تحصیل ظفروال کے گاؤں وڈھالہ میں سگے ماموں نے 2 بھانجوں کا قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق ابتدائی معلومات(بقیہ نمبر 56)

ملک بھر کے پاسپورٹ آفسز کے سسٹم میں فنی خرابی دو گھنٹے بعد دور

پاسپورٹ کیلئے آنے والے شہریوں کو تصویر اور بائیومیٹرک کے بعد طویل انتظار کرنا پڑا

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر کے پاسپورٹ آفسز کے سسٹم میں فنی خرابی کو 2 گھنٹے بعد دور کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق فنی خرابی کے باعث ملک بھر کے(بقیہ نمبر 57)

الیکشن میں التوا کی کوئی وجہ نہیں دیکھ رہے، سراج الحق

اگر ایسا ہوا تو جماعت اسلامی بھرپور عوامی، جمہوری پرامن مزاحمت کا راستہ اختیار کرے گی

الیکشن سے قبل معیشت کی بہتری کی باتیں کرنے والے نوشتہ دیوار پڑھ چکے، انھیں شکست نظر آ رہی ہے

لاہور(آئی آئی پی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ وہ الیکشن میں التوا کی کوئی وجہ نہیں دیکھ رہے، اگر ایسا ہوا تو جماعت اسلامی بھرپور عوامی، جمہوری پرامن مزاحمت کا راستہ اختیار کرے گی۔ الیکشن سے قبل معیشت کی بہتری کی باتیں کرنے والے نوشتہ دیوار پڑھ چکے، انھیں شکست نظر آ رہی ہے، معیشت کو ٹھیک کرنے کے لیے الیکشن التوا کی دلیلیں ماضی میں لگائے جانے (بقیہ نمبر 49)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی بزنس وویمنز سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائز ز ڈسپلے سنٹر کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں

احتساب عدالت نے 2 سابق وزرا اعظم کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا

اسلام آباد(اے ایف پی) احتساب عدالت میں نیب ریفرنسز کی جانچ پڑتال کا سلسلہ جاری ہے جس میں سابق وزرا اعظم شاہد خاقان عباسی اور راجہ پرویز اشرف کو طلبی کے نوٹسز جاری کر دیے گئے ہیں۔ دونوں سابق وزرا اعظم کو احتساب عدالت ایک (بقیہ نمبر 39)

پلاٹ کی فروخت میں فراڈ کا ملزم جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے پلاٹ کی فروخت میں فراڈ کرنے والے ملزم کو 2 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کردیا۔ پولیس نے آئی الیون ٹمبر مارکیٹ (بقیہ نمبر 40)

پی ٹی آئی کے وکیل شیر افضل مروت کی ضمانت میں توسیع

مدعی سینیٹر افنان اللہ کے وکیل آدم خان نے تیاری کیلئے عدالت سے وقت مانگ لیا

اسلام آباد(این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے پی ٹی آئی کے وکیل شیر افضل مروت کی ٹی وی پروگرام میں ہاتھا پائی کے کیس میں ضمانت (بقیہ نمبر 41)

سابق وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کرر ہے ہیں

محکمہ بلدیات پنجاب میں متعدد افسران کے تقرروتبادلے

لاہور(این این آئی) محکمہ بلدیات پنجاب میں متعدد افسران کے تقرروتبادلے کر دیئے گئے۔ ایم او ریگولیشن لاہور فیصل شہزاد کو ڈسٹرکٹ آفیسر (میونسپل ریگولیشنز) فیصل آباد تعینات، فیصل شہزاد کو چیف آفیسر(بقیہ نمبر 51)

پی ٹی آئی نے انتخابی مہم کی اجازت نہ ملنے پر عدالت میں درخواست دائر کردی

پشاور(این این آئی) پشاور ہائی کورٹ میں صوبائی صدر پاکستان تحریکِ انصاف علی امین اور دیگر رہنماؤں نے انتخابی مہم کی اجازت نہ دینے کے خلاف درخواست دائر کر دی۔ عدالت میں دائر کی گئی درخواست میں صوبائی حکومت اور آئی جی پولیس کو فریق بنایا (بقیہ نمبر 53)

واجبات کی ادائیگی کے بعد پی آئی اے کا کینیڈا کیلئے آپریشن بحال

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) کی جانب سے کہا گیا ہے کہ واجبات کی ادائیگی کے بعد کینیڈا کے لیے فلائٹ آپریشن معمول کے مطابق بحال ہو گیا ہے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق گراؤنڈ ہینڈلنگ اور فیول کمپنی کی شکایت پر پی آئی اے کی فلائٹ پی کے 790 کو واجبات کی وصولی کیلئے کینیڈا میں روکا گیا(بقیہ نمبر 54)

چیئرمین پی ٹی آئی کی ضمانت کی درخواستیں بحال کرنے کا تفصیلی فیصلہ جاری

ٹرائل کورٹ یہ نقطہ دیکھتے ہوئے ضمانت کی درخواستوں پر فیصلہ کرے، فیصلے میں ہدایت

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے 9 مقدمات میں چیئرمین پی ٹی آئی کی ضمانت کی درخواستیں بحال کرنے کا تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا۔ چیف جسٹس عامر فاروق کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے 6 صفحات کا فیصلہ جاری کیا۔ 9 مئی کے واقعات، توشہ خانہ جعل سازی اور اقدام قتل سے متعلق 9 کیسز میں ضمانت کے کیس سے(بقیہ نمبر 50)

قبروں سے بچوں کی لاشیں نکالنے والا ملزم پکڑا گیا

ملزم بچوں کی تدفین کے چند گھنٹے بعد قبر سے لاش نکال لیتا تھا، پولیس

لاہور(این این آئی) لاہور میں قبروں سے بچوں کی لاشیں نکالنے والا ملزم پکڑا گیا، پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ مانی نامی ملزم کوسانده پولیس نے گرفتار کیا جواب تک 5 بچوں کی لاشیں قبروں سے نکال چکا ہے۔ ابتدائی بیان کے مطابق ملزم کا کہنا تھا کہ وہ بچوں کی قبروں پر مٹی ڈالنے کے خلاف ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم بچوں کی(بقیہ نمبر 52)

چیف ایگزیکٹو ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی ہینڈ میڈ کارپٹ نمائش میں ایک سٹال کا دورہ کرر ہے ہیں

جعلی ویزوں پر یونان جانیوالے 3 مسافر آف لوڈ، ایجنٹ بھی گرفتار

ملزمان نے فی کس 25 لاکھ روپے کے عوض ایجنٹوں سے کارڈ اور جعلی اسٹیمپس لگوائیں

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن نے لاہور ائرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے جعلی ویزوں پر یونان جانے والے تین مسافروں کو آف لوڈ کر دیا۔ ائرپورٹ پر چیکنگ کے بعد ملزمان کی جانب سے دکھایا جانے والا یونان کا ویزا جعلی نکلا۔ ملزمان کے پاسپورٹس پر ایگزٹ روانگی اور پاکستان آمد کی جعلی اسٹیمپس لگی ہوئی تھیں۔ ایف آئی(بقیہ نمبر 57)

اے این ایف کی کاروائیاں، 39 کلوگرام منشیات برآمد

افغان باشندے، 3 خواتین سمیت 9 ملزمان گرفتار' مقدمات درج

لاہور (این این آئی) اے این ایف کی جانب سے منشیات اسمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اور 5 مختلف کارروائیوں میں 39 کلوگرام منشیات برآمد کر کے افغان باشندے اور 3 خواتین سمیت 9 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان کے مطابق موٹروے ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب کار سوار ملزم کو خاتون سمیت (بقیہ نمبر 59)

گیس چوری کرنے والوں کے گرد شکنجہ مزید تنگ

سوئی ناردرن کا گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن جاری مزید 133 گیس کنکشنز منقطع کردیئے گئے

418 انڈر بلنگ کیسز پروسیسڈ کیے گئے، گیس چوری میں ملوث افراد پر 17 ملین سے زائد کے جرمانے عائد

محکمہ سوئی گیس کی طرف سے کی گئی کارروائی میں پکڑے گئے غیرقانونی کنکشن

لاہور(نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 133 گیس کنکشنز منقطع کردیئے گئے، 418 انڈر بلنگ کیسز پروسیسڈ کیے گئے، گیس چوری میں ملوث افراد پر 17 ملین سے زائد کے جرمانے عائد کردیئے گئے ہیں۔ ترجمان ایس این جی پی ایل کے مطابق لاہور میں گیس کے غیرقانونی استعمال پر 01 گھریلو کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 05 کنکشنز منقطع کیے گئے جبکہ 38 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کئے گئے اور 5.805 ملین کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔ بہاولپور میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے کمپریسر (بقیہ نمبر 42)

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پاک چین دوستی: خطے کے مستحکم مستقبل کی ضامن ہے

پاکستان اور چین کے باہمی تعلقات دنیا بھر میں ایک مثال کی حیثیت رکھتے ہیں۔ گزشتہ تقریباً پون صدی کے دوران ان دونوں ملکوں نے بین الاقوامی تعلقات کے ضمن میں دوستی کی ایسی نظیر قائم کی ہے جسے بہت سے ملک رشک کی نظر سے دیکھتے ہیں تو کچھ ایسے بھی ہیں جو اس دوستی پر حسد کرتے ہیں۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) منصوبہ اسی دوستی کا پھل ہے جو صرف ان دونوں ملکوں ہی نہیں بلکہ پورے خطے کے لیے ترقی و استحکام کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بھارت سمیت کئی ممالک اس منصوبے کے خلاف ہیں اور وہ کسی صورت نہیں چاہتے کہ یہ منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچے۔ پاکستان اور چین اس منصوبے کو ہر گزرتے دن کے ساتھ آگے بڑھا کر نہ صرف اپنے دوستی کے رشتے کو مضبوط بنا رہے ہیں بلکہ وہ پورے خطے کے مستقبل کے امکانات کو بھی روشن تر بنانے میں مصروف دکھائی دیتے ہیں۔

یکم اکتوبر کو چین نے اپنا چوہترواں قومی دن منایا۔ یہ دن چین کے لیے بہت اہمیت کا حامل ہے۔ اسی دن کمیونسٹ پارٹی آف چائنا (سی پی سی) کی کوششوں سے عوامی جمہوریہ چین اس شکل میں وجود میں آیا کہ اس نے دنیا میں اپنا مقام پیدا کرنے کے لیے جدوجہد کے ایک نئے سلسلے کا آغاز کیا۔ اس دن کی اہمیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے چین کے صدر شی جن پنگ اور وزیراعظم لی کیانگ سمیت پوری چینی قوم کو چین کے 74 ویں قومی دن پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اپنے آئرن برادر کی کامیابیوں پر فخر کرتا ہے۔ اتوار کو سماجی رابطے کے ذریعے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر جاری اپنے تہنیتی پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ آج کی دنیا میں چین امن و استحکام کے ساتھ ساتھ ترقی اور خوشحالی کا مرکز بن چکا ہے۔ اپنے پیغام کے آخر میں انھوں نے 'پاک چین دوستی زندہ باد' بھی تحریر کیا۔

چین کے قومی دن کی مناسبت سے سابق وزیراعظم اور پاکستان مسلم لیگ (نواز) کے صدر محمد شہباز شریف نے صدر شی جن پنگ اور چین کے عوام کو مبارک دیتے ہوئے کہا کہ صدر شی جن پنگ نے دنیا کو ترقی اور امن کا انقلابی ویژن دیا ہے، چین کے ساتھ پاکستان کی سٹریٹجک کوآپریٹو شراکت داری کو مزید مضبوط بنائیں گے۔ اپنے بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ کمیونسٹ پارٹی چین اور اس کی قیادت کی تاریخی جدوجہد کے نتیجے میں چین آج دنیا کی بڑی معاشی طاقت بن چکا ہے۔ شہباز شریف کا مزید کہنا تھا کہ صدر شی جن پنگ نے چین کی ترقی کو نئی منزلوں سے ہمکنار کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ 'گولڈن ویک' پر چین کے عوام کے لیے نیک تمناؤں اور خیرسگالی کے جذبات کا اظہار کرتے ہیں۔

حال ہی چین کا دورہ کر کے آنے والے نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے عوامی جمہوریہ چین کے قومی دن پر چینی صدر، وزیراعظم اور دیگر قیادت کو دلی مبارکباد پیش کی اور چین کے سفیر، چینی قونصل جنرل اور عوام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ چین پاکستان کا بہترین ہمسایہ دوست اور سٹریٹیجک پارٹنر ہے، چین کی نمایاں کامیابیاں پاکستان سمیت تمام ترقی پذیر ممالک کے لیے قابل تقلید ہیں، پاکستان اور چین کے تعلقات نے وقت کی کسوٹی پر ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے اور مضبوط سے مضبوط تر ہوتے رہیں گے۔ انھوں نے کہا کہ سی پیک ایک گیم چینجر ہے جو ہمارے دونوں ممالک کے عوام کو بے پناہ ثمرات فراہم کر رہا ہے۔

دنیا سے دین کا سفر

تحریر: ردا بتول

رات کا تیسرا پہر تھا۔ وہ تہجد پڑھ کر اب قرآن پاک کی تلاوت کر رہی تھی کہ کہیں دور سے موذن کی آواز آئی۔ اس نے تلاوت کر کے قرآن پاک کو رکھا اور اذان کا جواب دینے لگی۔ اذان مکمل ہوئی تو اس نے وضو کیا موٹی موٹی خوبصورت سی آنکھیں، چھوٹی ناک، لمبی پلکیں، دائیں گال پر پڑتا ڈمپل، باریک اور خوبصورت سے ہونٹ، کمر تک آتے لمبے اور گھنے بال، دراز قد ایک بار کوئی دیکھ لے تو دیکھتا ہی رہ جائے۔ جامنی رنگ کی سادہ سی قمیض جس کے گلے اور بازو پر گولڈن رنگ کی پائپنگ لگی ہوئی تھی۔ نیچے سادہ ٹرائزر اور گولڈن رنگ کا دوپٹہ جو اس نے اپنے صاف شفاف چہرے کے گرد لپیٹا اور نماز پڑھنے لگی۔ نماز پڑھ کر اس نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور اللہ سے کہنے لگی میرے پیارے اللہ! میں آپ کا جتنا شکر ادا کروں اتنا کم ہے آپ ہی کی وجہ سے آج میں اس قابل ہوئی ہوں کہ آپ کے سامنے حاضر ہو کر آپ سے اپنے دل کی بات کر رہی ہوں محمل نے دل سے دعا کی۔ شاہ زیب صاحب اور سمینہ بیگم کے دو ہی بچے تھے بڑا بیٹا جہان اور اس سے چھوٹی محمل یہ تھی ان کی چھوٹی سی فیملی۔---------- کچھ ماہ قبل وہ مزے سے سو رہی تھی، کہ الارم بجا اس نے ہاتھ بڑھا کر الارم کو بند کیا اور تھوڑی دیر بعد اٹھی اور یونیورسٹی کے لیے تیا ہونے لگی۔ بلیو جینز کے اوپر اس نے لال رنگ کی شرٹ پہنی اور پھر اپنے لمبے بالوں کی اونچی سی پونی بنائی، بیگ اٹھایا پھر نیچے آ گئی، سمینہ بیگم نے اس کو نیچے آتا دیکھا تو ناشتے کے لیے بلا لیا محمل بچے آجاؤ ناشتہ کر لو سمینہ بیگم نے بلایا۔ ماما میں پہلے ہی لیٹ ہو چکی ہوں کینٹین سے ہی کچھ کھا لوں محمل نے کہا۔ اوکے بائے یاد سے کھا لینا بیٹا!!! سمینہ بیگم نے کہا۔ اوکے ماما کھا لوں گی!!! محمل نے کہا پھر یونیورسٹی کے لیے نکل گئی۔ محمل یونیورسٹی پہنچی تو فاطمہ پہلے سے اس کا انتظار کر رہی تھی۔ وہ اندر آئی اور فاطمہ سے ملی دونوں بچپن کی سہیلیاں تھیں سکول بھی ساتھ میں پڑھا اور اب یونیورسٹی میں بھی ایک ساتھ ہی دونوں میڈیکل کی سٹوڈنٹ تھیں۔ دو سمسٹر کمپلیٹ ہو گئے تھے ان دونوں کے۔ یہ دونوں اپنی کلاس کی طرف گئیں اور تیسری رو میں جا کر بیٹھ گئیں۔ تھوڑی دیر بعد سر شافع کلاس میں آئے تو سب سٹوڈنٹ کھڑے ہوئے اور سر کو سلام کیا اور لیکچر شروع ہو گیا۔ اسی طرح باقی لیکچرز بھی گزر گئے اور بریک کا ٹائم ہو گیا محمل نے فاطمہ کو کہا کہ!!! چلو کینٹین چلتے ہیں۔ دونوں لنچ کرتے ہیں لنچ کرتے کرتے ہی بیل بج جاتی ہے اور بریک ختم ہو جاتی ہے۔ اگلے دو لیکچرز سر اظہر کے ہونے تھے جو کہ آج چھٹی پر تھے اس لیے آج ان کے آخری دو لیکچرز فری تھے۔ فاطمہ نے محمل سے کہا ویسے بھی اب فری ہی ہیں گھر چلتے ہیں!!!! فاطمہ اپنے ڈرائیور کو کال کر کے بلوا لیتی ہے محمل جہان کو کال کرتی ہے لیکن وہ کال نہیں اٹھاتا میرے ساتھ آجاؤ میں چھوڑ دوں گی گھر!!! فاطمہ نے کہا۔ نہیں میں دوبارہ کال کرتی ہوں بھائی آجائیں گے تم جاؤ!!! محمل نے کہا۔ اوکے گھر پہنچ کر مجھے کال کرنا!!! فاطمہ نے کہا پھر اپنے گھر چلی گئی۔ محمل دوبارہ کال کرتی ہے اب کی بار جہان کال اٹھا لیتا ہے بولو گڑیا کیا ہوا!!!!! بھائی مجھے لے جائیں میرے آخری جو لیکچرز فری ہیں اس لیے اب یہاں بیٹھنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے!!! محمل نے کہا۔ ٹھیک ہے گڑیا میں تھوڑی دیر میں آتا ہوں!!! جہان نے کہا۔ تھوڑی دیر بعد جہان آجاتا ہے۔ گھر کہ باہر بڑا سا شاہ ولہ لکھا ہوا تھا۔ گھر کے اندر آئیں تو دائیں طرف چھوٹا سا لان جہاں ایک کونے میں جھولا پڑا ہوا تھا اور تھوڑا سا ہٹ کر وہاں کرسیاں ٹیبل رکھے ہوئے تھے اور بائیں طرف چھوٹا سا باغیچہ جس میں بہت ہی خوبصورت رنگ برنگے پھول لگے ہوئے تھے

کا وقت تھا محمل جھولے پر بیٹھی کہ اس کے موبائل پر کچھ تصویریں آتی ہیں جو محمل کی اپنی ہی ہوتی ہیں، اس ڈریس میں جو اس نے یونیورسٹی کی پارٹی میں پہنا تھا پھر ایک میسج آیا۔ تم بہت خوبصورت ہو میں تم سے ملنا چاہتا ہوں ایک بار مجھ سے مل لو پھر کچھ نہیں کہوں گا اگر تم کل شام پانچ بجے مجھ سے ملنے نہ آئی تو تمہاری یہ تصویریں میں نیٹ پر ڈال دوں گا محمل بہت پریشان ہو جاتی ہے۔ وہ اس نمبر پر کال کرتی ہے، لیکن نمبر بند ہوتا ہے محمل فاطمہ کو کال کر کے سب کچھ بتاتی ہے۔۔ پریشان نہ ہوں، اپنے بھائی کو سب بتاؤ، وہ تو ویسے بھی پولیس میں ہیں وہ دیکھ لیں گے اس معاملے کو تم پریشان مت ہو فاطمہ نے محمل کو سمجھاتے ہوئے کہا۔ محمل بہت پریشان ہو جاتی ہے اس لیے وہ جہان کے کمرے میں جاتی ہے۔ گڑیا سب ٹھیک ہے اتنی پریشان کیوں ہو؟؟ جہان محمل کو اس طرح پریشان دیکھ کر کہتا ہے۔۔۔ محمل جہان کے گلے لگ کر بری طرح روتی ہے یہ دیکھ کر جہان اور پریشان ہو جاتا ہے۔۔ گڑیا کیا ہوا ہے کسی نے کچھ کہا ہے مجھے بتاؤ! جہاں نے پیار سے محمل کے بال سہلاتے ہوئے پوچھا۔ محمل جہان کو سب کچھ بتاتی ہے۔ بھائی مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے اگر اس نے تصویریں نیٹ پر ڈال دی تو!!! محمل نے روتے ہوئے کہا۔ میں ہوں نا ایسا کچھ نہیں ہونے دوں گا پریشان نہیں ہونا میری گڑیا نے او کے!!! جہاں نے کہا۔ جہان سب پتہ کروا لیتا ہے وہ لڑکا محمل کی یونیورسٹی کا ہی ہوتا ہے، جہان اسے پکڑ لیتا ہے اور پھر ساری تصویریں ڈیلیٹ کر دیتا ہے محمل کو یہ بات بہت تنگ کر رہی ہوتی ہے۔ کہ کیا میں اتنی گئی گزری ہوں کہ مجھے اس طرح ایک بار ملنے کا کہا جائے؟ محمل نے خود کو آئینے میں دیکھا جو کپڑے اس نے پہنے ہوئے تھے۔ اس قدر تنگ تھے کہ اس کے جسم کے ساتھ چپکے ہوئے تھے۔ کپڑے پہنے ہوئے بھی اس کے جسم کا ہر ایک اعضاء عیاں ہو رہا تھا اسے یاد آیا کے اس کی یونی ورسٹی میں ایک لڑکی ہر وقت عبایا میں اور نقاب میں رہتی تھی۔ کوئی بھی لڑکا اس کو آنکھ اٹھا کر دیکھتا بھی نہیں تھا ایک دفعہ محمل نے اس لڑکی کا چہرہ دیکھ لیا تھا اور وہ سوچتی تھی کہ کتنا نور تھا اس لڑکی کے چہرے پر اور بس یہی وہ گھڑی تھی کہ محمل نے فیصلہ کر لیا تھا کہ اب وہ بھی اس لڑکی کی طرح بنے گی تا کہ کوئی بھی اس کو بُری نگاہ سے نہ دیکھ سکے۔۔ پوری رات محمل نے گڑگڑا کر اللہ سے توبہ کی تھی اور اپنی آخرت کو سنوارنے کا فیصلہ کر چکی تھی۔---------- محمل نے اپنے ساتھ ہونے والے حادثے سے سبق حاصل کیا تھا اور اپنی آخرت کو اچھا بنانے میں لگ گئی۔

میلاد شریف اور غیر شرعی امور



پیامِ سحر

اویس خالد

awais.pgc@hotmail.com

اس میں کوئی شک و شبہ والی بات نہیں کہ آقا کریم کا دنیا میں تشریف لانا نعمت کبریٰ ہے اور یہ فطری بات ہے کہ اس پر ہر وہ مخلوق خوشیاں منائے گی جس کو اس نعمت کے ملنے کا احساس اور قدر ہے۔ اسلام ہمیں کہیں بھی بے ہدایت نہیں چھوڑتا۔ سفر و حضر ہو یا موجِ بحر، فتح و نصرت ہو یا رنج و الم اسلام ہماری مکمل رہنمائی کرتا ہے۔ ہم مسلمانوں کو ایک تو یہ مسئلہ درپیش ہے کہ ابھی تک کچھ لوگ ایسے ہیں کہ ہزار عقلی و شرعی دلیلوں کے باوجود نبیؐ پاک کی ولادت کی خوشی کو نہیں مانتے اور فضول بحث سے اس کا انکار کرنے کی کوشش کرتے ہیں جیسے جلوس کی وجہ سے سڑکیں بند ہو جاتی ہیں، جیسے جھنڈے وغیرہ اور تزئین و آرائش پر خرچ کر کے فضول خرچی ہوتی ہے، اور جیسے یہ کہ نبیؐ پاک کی ولادت باسعادت ۱۲ نہیں ۹ ہے یا کوئی کہتا ہے ۸ ہے وغیرہ وغیرہ۔ خیر ان کے بڑے مدلل جوابات موجود ہیں اور ایسے ہیں کہ کوئی جاہل ہی رد کر سکتا ہے۔ اور یہ کوئی اتنا بڑا مسئلہ نہیں ہے کیونکہ سمجھ بوجھ بھی توفیق خداوندی ہے اور ہر ایک کے حصے میں نہیں آتی۔ اگر اپنی مرضی کی ہر خوشی اپنے طریقے سے منانے والا حضورؐ سرور کائینات کی آمد کی خوشی کو خوشی نہ سمجھے تو اسے کیا سمجھائیں؟ اگر سارا سال دکان کا آدھا سامان باہر لگا کر بازار تنگ کرنے والا اور ناجائز تجاوزات کے ذریعے راستے روکنے والا اور اس ظلم پر خاموش رہنے والا بھی قومی چھٹی ہونے کے باوجود جلوس کے گذرنے کے مختصر سے دورانیے پر شکوہ کرے تو اسے کیا سمجھائیں؟ اگر کوئی تاریخ کے تعین پر جھگڑا کرنے والے کو اس کی مرضی اور تحقیق سے مطابقت رکھنے والے دن میلاد منانے کا کہا جائے اور وہ آئیں بائیں شائیں کرتا ہوا کان لپیٹ کر نکل جائے تو اسے کیا سمجھائیں؟ اس لیے ایسے لوگوں کے لیے ہدایت کی دعا ہی کر سکتے ہیں اور خاموشی ہی بہترین سمجھانا ہے۔ اور یہ ہمارا مسئلہ نہیں ہے ان کا دماغی مسئلہ ہے لیکن جو بڑا سنگین مسئلہ اب ہمیں درپیش ہے وہ یہ ہے کہ میلاد منانے والے کچھ نا تربیت یافتہ طبقات جو کہ بدقسمتی سے دینی علوم سے ناآشنا اور علمائے اکرام کی سنگتوں اور محفلوں سے محروم ہیں، کی طرف سے میلاد شریف میں غیر شرعی کاموں اور عجیب و غریب خرافات کا شامل کرنا ہے جو انتہائی توہین آمیز ہیں اور بجائے حصولِ ثواب کے الٹا حصول گناہ کا موجب ہیں اور ہمارا دین سختی سے ہمیں ایسے امور سے اجتناب کا حکم دیتا ہے۔ اور منکرین میلاد جن کے پاس کوئی اور دلیل تو ہوتی نہیں تو وہ ایسی ہی چند چیزوں کو بنیاد بنا کر سرے سے ہی میلاد شریف کی خوشی منانے کا انکار کر دیتے ہیں۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے کسی کا مسجد سے جوتا غائب ہو جائے تو وہ کسی فردِ واحد کے فعلِ بد کو برا کہنے کی بجائے مسجد میں جانے کو ہی غلط قرار دے دے۔ ایک اور اہم بات یہ ہے کہ جو چیزیں میلاد شریف کے جلوس میں خراب نظر آتی ہیں وہی سارا سال نجانے کہاں کہاں کن کن موقعوں، محفلوں، پارٹیوں، سیاسی جلسوں اور شادیوں پر ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں اور کئی جگہ تو یہ خود بھی ایسی محفلوں اور پارٹیوں کا حصہ ہوتے ہیں لیکن یہ نام نہاد اسکالرز اور ارسطو طبیعت افراد ایک جملہ تو کیا ایک لفظ بھی اعتراض میں نہیں کہتے۔ ان کے اندر کا مُصلح بھی صرف میلاد کے موقع پر ہی زندہ ہوتا ہے۔ غلط کو تو ہم سب بھی اور ہمارے اکابرین بھی غلط ہی کہتے ہیں اور یہ کیسی حیرت کی بات ہے کہ انہیں ہامرے علماء کی طرف سے ان کا منع کرنا اور ان خرافات سے اعلان برات کرنا نظر ہی نہیں آتا۔ ہمارے علماء بہانگِ دہل یہ سمجھا رہے ہیں کہ یہ ڈھول ڈھمکے، یہ بینڈ باجے، یہ ناچ گانے، یہ گھوڑے نکالنے، یہ مخلوط محفلیں، یہ خواتین کی طرف سے بے پردگی، خواتین کی محافل کے اشتہارات، یہ گانوں کی طرز پر نعتیں پڑھنا، یہ ریٹ فکس کرنے والے نعت خواں اور بھڑکیلے زنانہ طرز کے لباس پہن کر میوزک کے ساتھ نعتیں پڑھنا سب توہین مذہب ہے اور شدید الفاظ میں ان کی مذمت کی بلکہ اب تو شدید مرمت کی ضرورت ہے۔ اور اب وقت آ گیا ہے کہ ہمارے اسلاف اور اکابرین سب مل کر ایک اجتماعی پریس کانفرنس کریں یا کم از کم اپنے اپنے پلیٹ فارمز اور چینلز سے دوٹوک الفاظ میں ان سے ایسے اعلان لاتعلقی کریں کہ پوری دنیا میں اہلسنت کا موقف واضح ہو جائے اور پھر کوئی مسلک حق پر کوئی انگلی اٹھائے تو اس کا بھرپور منہ توڑ جواب دیا جائے۔ یہ کیا کہ ہر بدعت و خرفت ہمارے ہی کھاتے میں پڑ جاتی ہے۔ یاد رہے کہ درباروں پہ سجدے کرنے سے لے کر میلاد شریف کے جلوس میں ہونے والے ہر غیر شرعی کام سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے۔ ہمارے علماء بڑے پرخلوص انداز میں اس کی اصلاح کر رہے ہیں اور بہتری کی قوی توقع ہے۔ بلکہ میں تو یوں کہوں گا کہ پوری امت نبیؐ پاک کی آمد کی خوشی منانے پر متفق ہوا اور آئیں سب مل کر ہم ان خرافات کا خاتمہ کریں۔ اور اگر یہ نہیں تو پھر یاد رہے کہ چند غلط کاموں کو بنیاد بنا کر میلاد شریف کا انکار کبھی نہیں ہوسکتا۔

شوبز SHOWBIZ

معروف گلوکار مسعود رانا کو مداحوں سے بچھڑے 28 برس بیت گئے

مسعود رانا نے اردو اور پنجابی زبانوں میں تین تین سو سے زائد گیت گائے

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) معروف گلوکار مسعود رانا کو مداحوں سے بچھڑے 28 برس بیت گئے۔ مسعود احمد رانا 9 جون 1938ء کو میرپور خاص کی مشہور زمیندار فیملی میں پیدا ہوئے، ان کے آباؤ اجداد کا تعلق جالندھر سے تھا جو قیام پاکستان سے قبل ہی ہجرت کر کے سندھ میں رہائش اختیار کر چکے تھے۔ مسعود رانا نے کسی سے موسیقی کی تعلیم حاصل نہیں کی، وہ محمد رفیع سے متاثر تھے۔ مسعود رانا نے پچاس کی دہائی میں ریڈیو پاکستان حیدر آباد سے فنی سفر کا آغاز کیا۔ بطور پلے بیک سنگر انہیں شہرت بابا جی اے چشتی کی بنائی ہوئی۔

ماہرہ خان کی شادی نے ساتھی اداکاراؤں کو جذباتی اور آبدیدہ کر دیا

بطور شادی شدہ جوڑا دعا ہے آپ کا یہ سفر خوشیوں اور محبت سے بھرپور رہے' عائزہ خان

لاہور (این این آئی) پاکستان کی ہر دلعزیز اداکارہ ماہرہ خان کی شادی پر شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والی ان کی ساتھی اداکاراؤں نے جذباتی پیغامات شیئر کیے ہیں جبکہ کچھ اداکارائیں آبدیدہ بھی ہو گئیں۔ معروف اداکارہ عائزہ خان نے اپنی انسٹا اسٹوری میں لکھا کہ بہت بہت مبارک ہو ماہرہ خان، بطور شادی شدہ جوڑا دعا ہے آپ کا یہ سفر خوشیوں اور محبت سے بھرپور رہے۔ ایمن خان نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ مبارک ہو ماہرہ ہمیشہ خوش و خرم رہیں۔ اداکارہ حرا خان بھی یہ خبر سن کر اپنے جذبات کو روک نہ پائیں، انہوں نے لکھا کہ میں

کیریئر ابھی ختم نہیں ہوا، میں نے ابھی بہت کام کرنا ہے' میرا

جب اچھی فلمیں بنیں بطور ہیروئن کسی بھی ہدایتکار کی پہلی ترجیح ہوں گی

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ میرا نے کہا ہے کہ میرا کیریئر ابھی ختم نہیں ہوا بلکہ میں نے تو ابھی بہت کام کرنا ہے، فلم انڈسٹری کے جو حالات ہیں وہ سب کے سامنے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ شوبز سے ہرگز دور نہیں ہوئی، مجھے یقین ہے جب اچھی فلمیں بنیں گی تو یقینی طور پر میں بطور ہیروئن کسی بھی ہدایتکار کی پہلی ترجیح ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ میں وہی کردار ادا کرنا چاہتی ہوں جن کی وجہ سے مجھے مقبولیت ملی۔ میرا نے کہا کہ مجھے بھارت سے بھی کام کرنے کی پیشکش ہوئی لیکن میں نے پاکستان کو ترجیح دی ہے۔

فضاء علی (آج) اپنی 39 ویں سالگرہ منائیں گی

اداکارہ اپنی بیٹی اور دیگر اہل خانہ کے ہمراہ سالگرہ کا کیک کاٹیں گی

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ و میزبان فضاء علی آج (جمعرات) 5 اکتوبر کو اپنی 39 ویں سالگرہ منائیں گی۔ فضاء علی 5 اکتوبر 1984 میں سرگودھا میں پیدا ہوئیں اور انہوں نے ٹی وی ڈراموں اور مختلف شوز میں میزبانی کر کے شہرت حاصل کی۔ اداکارہ اپنی بیٹی اور دیگر اہل خانہ کے ہمراہ سالگرہ کا کیک کاٹیں گی۔

فیصل قریشی کو شوبز کی دنیا میں 30 سال مکمل ہو گئے

لاہور (این این آئی) نامور اداکار فیصل قریشی کو شوبز کی دنیا میں 30 سال مکمل ہو گئے۔ اداکار فیصل قریشی نے اپنے کیریئر کا آغاز ٹیلی وژن سے کیا اور بعد ازاں فلموں میں بھی اداکاری کے جوہر دکھائے۔ فیصل قریشی کام کی بے پناہ مصروفیات کی وجہ سے مستقل بنیادوں پر کراچی منتقل ہو گئے تھے اور کراچی میں ہی انہیں حقیقی معنوں میں پہچان ملی۔ فیصل قریشی نے ٹی وی شو کی میزبانی کے فرائض بھی سر انجام دیئے۔ فیصل قریشی نے ٹی وی ڈرامہ ''بوٹا ٹوبہ ٹیک سنگھ'' سے بے حد مقبولیت حاصل کی۔

شادی کے حوالے سے افواہیں بے بنیاد ہیں' مہک نور

اس شخص کا انتخاب کر لیا ہے جس سے شادی کروں گی' اداکار کی گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ مہک نور نے کہا ہے کہ اسٹیج کے حلقوں میں میری شادی کے حوالے سے پھیلائی جانے والی افواہیں بے بنیاد ہیں۔ اپنے وضاحتی بیان میں اداکارہ نے کہا کہ شادی کوئی چھپانے والی چیز نہیں، میں جب بھی شادی کروں گی سب کو آگاہ کروں گی۔ انہوں نے کہا کہ بعض لوگ میری شہرت سے حسد کرتے ہیں اور اس طرح کی بے بنیاد افواہیں کر تسکین حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شادی کے لئے ابھی بڑی عمر پڑی ہے، میں افواہیں پھیلانے والوں کو اتنا بتا دینا چاہتی ہوں

چاہت فتح علی خان نے آئی سی سی ورلڈ کپ 2023 کا گانا ریلیز کر دیا

گلوکار نے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اپنے تازہ ترین گانے کی جھلک شیئر کر دی

TER PSL ANTHEM CHAHAT F
PERFORMS A NEW SONG
NEEMOPANI.COM

لاہور (این این آئی) پاکستانی سوشل میڈیا سٹار و گلوکار چاہت فتح علی خان نے بھارت میں ہونے والے آئی سی سی ورلڈ کپ 2023 کے لیے گانا ریلیز کر دیا ہے۔ گلوکار نے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اپنے تازہ ترین گانے کی جھلک شیئر کر دی۔ گلوکار نے ویڈیو میں اپنے آپ کو دکھایا اور اسے خوشی سے رقص کرتے ہوئے بھی دیکھا جا سکتا ہے جیتے گی بائی جیتے گی یعنی پاکستانی ٹیم ورلڈ کپ جیت جائے گی۔ جیسے ہی گانا شروع ہوتا ہے دھن لہروں کو پاکستان اور آسٹریلیا کے خلاف میچ کی طرف موڑ دیتے ہیں، جس میں ''انشا اللہ جیتیں گے''، اللہ کے فضل سے ہم جیتیں گے کا ذکر کرتے ہیں۔ انہوں نے قومی فخر کا احساس پیدا کرتے ہوئے کرکٹ کے جذبے کو بھی خراج عقیدت پیش کیا۔ ویڈیو میں موجود موسیقی ہندوستانی دھنوں کی یاد دلاتی ہے۔

SPORTS سپورٹس

سچن ٹنڈولکر ورلڈ کپ 2023ء کے گلوبل ایمبیسڈر مقرر

سچن ٹنڈولر ورلڈ کپ 2023ء کے آغاز کا اعلان کریں گے

ممبئی (این این آئی) بھارت کے سابق کرکٹر سچن ٹنڈولکر کو ورلڈ کپ 2023ء کا گلوبل ایمبیسڈر مقرر کر دیا گیا۔ ٹنڈولکر کی تقرری کا اعلان منگل کو انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے کیا۔ آئی سی سی کے مطابق سچن ٹنڈولر ورلڈ کپ 2023ء کے آغاز کا اعلان کریں گے اور افتتاحی میچ سے قبل ورلڈ کپ ٹرافی لے کر میدان میں آئیں گے۔ واضح رہے کہ سچن ٹنڈولکر نے ورلڈ کپ کے 6 ایڈیشنز میں بھارت کی نمائندگی کی ہے۔

ایشین گیمز میڈل، پی او اے نے سکواش ٹیم کو انعام سے نواز دیا

جنرل عارف حسن نے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی بھی کی

اسلام آباد (این این آئی) ایشین گیمز میں پاکستان کیلئے چاندی کا میڈل جیتنے والی پاکستان سکواش ٹیم کو کیش انعامات سے نوازا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کی طرف سے منعقدہ تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر لیفٹیننٹ جنرل رسید عارف حسن تھے جنہوں نے ایشین گیمز کے سکواش کے ٹیم ایونٹ میں سلور میڈل جیتنے والی ٹیم ناصر اقبال، عاصم خان، نور زمان اور فرحان زمان کو مبارکباد دیتے ہویقوی ایتھلیٹس کا حوصلہ بڑھایا اور کہا کہ محدود وسائل کے باوجود ایشین گیمز فائنل تک رسائی خوش آئند ہے، فائنل میں جیت کے قریب پہنچ کر ہارنے کا دکھ ضرور ہے تاہم یقین ہے کہ آپ لوگ غلطیوں سے سبق سیکھ کر مستقبل میں مزید بہتر پرفارمنس دیں گے۔ اس موقع پر پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے سیکرٹری خالد محمود، ڈاکٹر اسد عباس سمیت دیگر آفیشلز بھی موجود تھے۔ آخر میں پی او اے کے صدر سید عارف حسن نے نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے نقد انعامات سے ان کی حوصلہ افزائی کی۔

لاہور: سپورٹس بورڈ پنجاب کے تعاون سے [illegible] پاکستان اوپن ٹینس چیمپئن شپ کے چوتھے روز [illegible] ٹینس کورٹس میں مقابلے کا منظر۔ (فوٹو: این این آئی)

کرکٹ میں پُرعزم اور مستقل مزاجی سے کام لینا ہوتا ہے، میتھیو ہیڈن

حیدر آباد دکن (این این آئی) آسٹریلیا کے سابق اوپننگ بیٹر اور پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق میٹور میتھیو ہیڈن نے کہا ہے کہ آپ کو کرکٹ میں پُرعزم اور مستقل مزاجی سے کام لینا ہوتا ہے، یہ وہ تمام چیزیں ہیں جو آپ کو اسلام سکھاتا ہے اور یہ آپ کے کلچر کی نمائندگی کرتا ہے۔ گزشتہ روز بھارتی شہر حیدر آباد دکن میں پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان ورلڈ کپ کے وارم اپ میچ کے دوران کمنٹری کرتے ہوئے میتھیو ہیڈن نے کہا کہ دین اسلام نے موجودہ پاکستان کرکٹ ٹیم کو میدان اور اس سے باہر نظم و ضبط سے رہنے میں بہت بڑا کردار ادا کیا ہے۔ میتھیو ہیڈن نے کہا کہ پاکستان ٹیم دینِ اسلام پر کافی توجہ دیتی ہے۔

شاداب خان نے 25 ویں سالگرہ کا کیک بھارت میں کاٹا

کھلاڑیوں نے مبارکباد دی، خوب ہنسی مذاق بھی کیا

حیدرآباد دکن (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے نائب کپتان شاداب خان نے 25 ویں سالگرہ بھارت میں منائی ہے۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں نے شاداب خان کی سالگرہ پر ہوٹل کے کمرے میں کیک کاٹا۔ اس دوران کھلاڑیوں نے انہیں مبارک باد دی اور خوب ہنسی مذاق بھی کیا۔ واضح رہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم ورلڈ کپ کیلئے بھارتی شہر حیدر آباد دکن میں موجود ہے۔ یاد رہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم ورلڈ کپ میں اپنا پہلا میچ جمعہ کو نیدر لینڈز کے خلاف کھیلے گی۔

نسیم شاہ کے کندھے کی سرجری مکمل ہو گئی

اسلام آباد (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر نسیم شاہ کے کندھے کی سرجری مکمل ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق نسیم شاہ کے کندھے کی سرجری انگلینڈ میں کی گئی ہے۔ نسیم شاہ چار سے چھ ہفتے آرام کریں گے اور ری ہیب مکمل کرنے کے بعد بولنگ شروع کر سکیں گے۔ نسیم شاہ گزشتہ ماہ ایشیا کپ میں بھارت کے خلاف میچ میں کندھے کی تکلیف کا شکار ہوئے تھے۔ ماہر ڈاکٹرز نے نسیم شاہ کی سرجری تجویز کی تھی، کندھے کی تکلیف کے باعث نسیم شاہ آئی سی سی کرکٹ ورلڈ کپ سے باہر بھی ہوئے۔

کوہلی بھی میچ دیکھنے کیلئے اسٹیڈیم کے ٹکٹس مانگنے والوں سے پریشان

ٹکٹس مانگنے والوں سے ورلڈ کپ کے ٹکٹس خریدنے کی درخواست کر دی

ممبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے بیٹر ویرات کوہلی بھی میچ دیکھنے کیلئے اسٹیڈیم کے ٹکٹس مانگنے والوں سے پریشان ہو گئے۔ ویرات کوہلی نے ٹکٹس مانگنے والوں سے ورلڈ کپ کے ٹکٹس خریدنے کی درخواست کر دی اس حوالے سے سوشل میڈیا پر ویرات کوہلی نے پیغام لکھا ہے کہ میری تمام دوستوں سے درخواست ہے کہ ورلڈ کپ کے دوران مجھ سے ٹکٹس نہ مانگیں۔ ویرات کوہلی نے لکھا کہ ورلڈ کپ کے میچز اپنے گھر بیٹھ کر انجوائے کریں۔ واضح رہے کہ اس سے پہلے پاکستانی کرکٹرز بھی پاکستان میں میچز کے دوران ٹکٹس مانگنے والوں کو ایسا ہی پیغام دے چکے ہیں۔

راولپنڈی ٹیچنگ ہسپتال راولپنڈی

ٹینڈر نوٹس

راولپنڈی ٹیچنگ ہسپتال راولپنڈی کو مالی سال 2023-24 کے لئے مندرجہ ذیل ٹینڈر درکار/مقصود ہیں۔ تمام ٹینڈر کی تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	نام ٹینڈر	آخری تاریخ فروخت	تاریخ وصولی ٹینڈر	ٹینڈر کھولنے کی تاریخ و وقت
1	Placement of Chemistry Analyzer on Reagent Rental Basis	30.10.2023 دن 03:00 بجے تک	31.10.2023 صبح 11:00 بجے تک	31.10.2023 صبح 11:30 بجے تک

ٹینڈر فارم جس میں ٹینڈر کے متعلق تمام تفصیل / شرائط لکھی ہوئی ہیں۔ اشتہار ہذا کی اشاعت PPRA کی ویب سائیٹ پر upload ہونے کے فوراً بعد دفتری اوقات کار میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال راولپنڈی کے کیشئر سے قیمتاً -/2000 روپے ناقابل واپسی مندرجہ بالا تاریخ تک کمپنی کے لیٹر پیڈ پر درخواست بنام میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال راولپنڈی بمعہ شناختی کارڈ کی کاپی دے کر حاصل کر سکتے ہیں۔ ٹینڈر فارم کے ساتھ (2% Earnest Money/Bid Security) بی CDR کی صورت میں ٹیکنیکل آفر کے ساتھ (Photocopy) منسلک کرنا لازمی ہوگا جو کہ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ راولپنڈی ٹیچنگ ہسپتال راولپنڈی کے نام ہونی چاہیے۔ ٹینڈر میں شامل ہونے والی فرموں کو ٹینڈر میں حصہ لینے کے لیے دو طرح کی آفرز لازمی علیحدہ علیحدہ دینا ہوگی۔ ٹیکنیکل آفر اور فنانشل آفر دونوں علیحدہ علیحدہ لفافوں میں سیل بند ہوں اور ان کے اوپر جلی حروف میں ٹیکنیکل آفر اور فنانشل آفر لکھنا لازمی ہے اور یہ دونوں آفرز ایک علیحدہ لفافے میں بند ہونی چاہیں۔ علیحدہ نہ ہونے کی صورت میں ٹینڈر مسترد کر دیا جائے گا۔ ٹیکنیکل آفر ٹینڈر دہندگان یا ان کے نمائندوں کی موجودگی میں موقع پر کھولی جائیں گی جبکہ فنانشل آفر ٹیکنیکل کمیٹی کی رپورٹ کے بعد کھولی جائیں گی۔

ٹینڈر ہر لحاظ سے مکمل مندرجہ بالا تاریخ تک دستی طور پر ٹینڈر باکس میں ڈالنا ہوں گے جو کہ ٹینڈر دہندگان یا ان کے نمائندوں کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

نوٹ: تمام فیصلے پیپرا رولز 2014 (Amended-2016) کے مطابق کیے جائیں گے۔

ڈاکٹر فرزانہ ظفر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ راولپنڈی ٹیچنگ ہسپتال راولپنڈی

IPL-8210

بقیہ 1

حکام بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کو جدید ترین تصیبات، تحقیق وترویج کے لئے مختص مراکز اور نئی ابھرتی ہوئی ڈسرپٹو ٹیکنالوجیز کے لیے وقف اسکے جدید مراکز سے روشناس کروایا گیا۔ ائیر چیف نے معزز مہمان کو نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کے جدید ترین ڈیزائن اور تحقیق و ترقی کے ماحول کے ذریعے دنیا کے اعلیٰ ترین ایرو اسپیس، سائبر اور کمپیوٹنگ کلسٹرز میں سے ایک بننے کے اپنے وژن کے بارے میں آگاہی فراہم کی۔ اس موقع پر سربراہ پاک فضائیہ نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ حکومت پاکستان کی سرپرستی اور تعاون کی بدولت نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک جامع منصوبہ بندی، مربوط کاوشوں اور باہمی تعاون کے ذریعے انتہائی قلیل وقت میں ترقی کے آسمان کو چھو رہا ہے۔ انہوں نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی، جنرل ساحر شمشاد مرزا اور چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر کو انکے ہر ممکن تعاون اور اس منصوبے میں خصوصی دلچسپی لینے پر خراج تحسین پیش کیا جسکی بدولت نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کے تصور کو حقیقی معنوں میں عملی جامہ پہنانا ممکن ہوا۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی نے نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کو قومی وتزویراتی اہمیت کا حامل منصوبہ قرار دیا جس سے ملک کے لیئے کثیرالجہتی فوائد کا حصول ممکن ہوگا۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک منصوبہ تکنیکی ترقی کو متحرک کرنے اور قومی خود انحصاری کو پروان چڑھانے میں معاون ثابت ہوگا۔ جنرل ساحر شمشاد مرزا نے ریکارڈ وقت میں اس اہم سنگ میل کو عبور کرنے پر پاک فضائیہ اور اس کے ہنرمند اہلکاروں کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے ائیر چیف کی متحرک قیادت کی بھی تعریف کی جنکے پختہ عزم اور انتھک کاوشوں سے اس منصوبے کو برق رفتاری سے مکمل کرنے کی راہ ہموار ہوئی۔ نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک منصوبہ تکنیکی ترقی کے حصول کی خاطر تعلیم وتربیت، صنعت اور مسلح افواج کے باہمی تعاون میں ایک مرکز کے طور پر کام کرے گا۔ پاک فضائیہ کی صلاحیتوں اور موجودہ وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے اس منصوبے کے ذریعے جدت کا حصول، ٹیلنٹ کو پروان چڑھانے اور ملکی سطح پر ایرو اسپیس سے متعلقہ صلاحیتوں میں ترقی کے لیئے سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے گی۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کا نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کا دورہ پاکستان کی ایرو اسپیس، سائبر اور کمپیوٹنگ ڈومینز میں اعلیٰ کارکردگی کے حصول کے حوالے سے ایک اہم سنگ میل ہے۔ یہ منصوبہ جدید ٹیکنالوجیز کو بروئے کار لانے، تحقیق اور ترقی کو فروغ دینے اور تکنیکی جدت میں کلیدی کردار ادا کرنے کے پاکستان کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

بقیہ 2

فرائض لیکچرر نازش نذیر نے خوش اسلوبی سے انجام دیئے۔ اس دوران طالبات کی دلچسپی اور جوش و خروش دیکھنے سے تعلق رکھتا تھا۔ بعد ازاں تقسیم اسناد و بیجز و حلف برداری کے ساتھ ہی کاؤنسل میں شامل طالبات نے اپنی اپنی تفویض شدہ ذمہ داریاں سنبھال لیں۔

بقیہ 3

میں 11 ماہ کے بچے کو بے دردی سے قتل کرنے کا واقعہ گزشتہ روز تھانہ سنبل کے علاقے میں پیش آیا تھا۔ پولیس نے ملزم جاوید کو تھانہ گولڑہ کے علاقے سے گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا۔ ملزم نے ابتدائی بیان میں کہا کہ بچے کے والد پر غصہ تھا، غصے میں مجھ سے ایسا ہوا۔ ملزم کی گرفتاری کے بعد بچے کی والدہ کا بیان بھی سامنے آ گیا۔ بچے کی والدہ نے ملزم کو کڑی سے کڑی سزا دینے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 4

پی آپریشنز، ایس پی ہیڈ کوارٹر، سینئر ٹریفک آفیسر، ڈی ایس پی لیگل، ڈی ایس پی ایڈمن سمیت دیگر افسران نے طلباء وطالبات کو لیکچرز دیئے، انٹرن شپ پروگرام سے طلباء وطالبات اور نوجوانوں کے تعاون اور مشاورت سے کمیونٹی پولیسنگ کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی، نوجوان نسل پولیس ورکنگ اور سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے وژن کے مطابق راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ کا آغاز کیا گیا، انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے 32 طلباء وطالبات نے شرکت کی، دو ہفتے کے انٹرن شپ پروگرام میں طلباء وطالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچرز دیئے جائیں گے، انٹرن شپ پروگرام کے پہلے روز سی پی او سید خالد ہمدانی، ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم، ایس پی ہیڈ کوارٹرز ماہم خان، سینئر ٹریفک آفیسر منیر ہاشمی، ڈی ایس پی لیگل، ڈی ایس پی ایڈمن سمیت دیگر افسران نے طلباء وطالبات کو لیکچرز دیئے، انٹرن شپ پروگرام کے تحت طلباء وطالبات کو پولیس اسٹیشن ورکنگ، پولیس خدمت مرکز، فرنٹ ڈیسک، محافظ پولیس ایپس، ٹریفک پولیس، قانونی اور عدالتی کاروائی کے بارے میں آگاہی دی جائے گی، طلباء وطالبات کو سپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشن، پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز، کمانڈ اینڈ کنٹرول روم، ٹریفک ہیڈکوارٹرز، پولیس خدمت مرکز لیاقت باغ اور لیگل برانچ کا دورہ کروایا جائے گا تاکہ وہ عملی طور پر پولیسنگ سے آگاہی حاصل کر سکیں، سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ انٹرن شپ پروگرام کا مقصد پولیسنگ سے آگاہی اور اس میں بہتری کے لئے نوجوانوں کو ساتھ لے کر چلنا ہے، انٹرن شپ پروگرام سے طلباء وطالبات اور نوجوانوں کے تعاون اور مشاورت سے کمیونٹی پولیسنگ کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی، نوجوان نسل پولیس ورکنگ اور سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے، انٹرن شپ پروگرام کا مقصد شہریوں خصوصاً نوجوان طلباء وطالبات کو موثر پولیسنگ، جرائم کی روک تھام، تعلیمی اداروں میں منشیات کے تدارک اور دیگر معاشرتی مسائل کے حل اور کمیونٹی پولیسنگ کے لئے معاون بنانا ہے، فرینڈز آف پولیس معاشرہ کی بہتری، جرائم کی نشاندہی اور تدارک میں بطور ذمہ دار شہری بہتر طور پر کردار ادا کر سکتے ہیں، طلباء وطالبات کو افسران نے فرینڈز آف پولیس کے خصوصی بیج بھی لگائے۔

بقیہ 5

رکاوٹ ڈالی سہیل محمود نے نوجوان نسل کی نشوونما پر زور ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ قوم کا قیمتی اثاثہ ہے۔ جن کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے اعلیٰ ترقیاتی اہداف اور مقاصد کے حصول کو مدنظر رکھتے ہوئے۔ ترقیاتی پالیسی کی ضرورت پر زور دیا۔ خصوصی رپورٹ میں آفات اور تباہ کاریوں کے تناظر میں کسی ردعمل کے بجائے فعال اور متحرک کردار اختیار کرنا ہوگا۔ جو بحالی اور تعمیر نو کی صورت ہو عائشہ خان یاد دلایا کہ دنیا بے یقینی کا شکار ہے جہاں دنیا کو مسلسل نت نئے انسانی سلامتی کے حوالے سے چیلنجوں کا سامنا ہے۔

بقیہ 6

قلیم کیا، جی اسٹیل میلرز نے سیلز چھپا کر 6 کروڑ 20 لاکھ روپے کا فراڈ کیا۔ لارج ٹیکس پیئر آفس نے کیس میں ملوث تمام اسٹیل میلرز کو شوکاز نوٹس جاری کر دیئے۔

بقیہ 7

غیرت کے نام پر تیز دھار آلہ سے قتل کیا۔ مقتول علشبہ ایف ایس سی کی طالبہ تھی، پولیس نے مقدمہ مقتولہ شکیلہ کے داماد کے بیان پر درج کر لیا ہے۔ یاد رہے کہ جب ماں اور بیٹی کی لاشیں ملی تھیں اس وقت پولیس کا کہنا تھا کہ لاشوں کے قریب سے خنجر بھی ملا ہے۔ پولیس کا کہنا تھا کہ جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر لیے ہیں، مقتولہ شکیلہ کا شوہر رشید نرسری پر کام کرتا ہے، واقعہ کی تحقیقات کے لیے لاشیں تحویل میں لے کر فرانزک شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 8

لگائیں۔ دوسری طرف پیپلز پارٹی لاہور کے صدر چودھری اسلم گل نے 18 اکتوبر کے حوالے سے پارٹی کی جنرل کونسل کا اجلاس آج (جمعرات) 5 اکتوبر کو طلب کر لیا ہے جس میں سانحہ کارساز کے حوالے سے جلسہ یا سیمینار سینٹرل سیکرٹریٹ، لبرٹی چوک، چیئرنگ کراس یا ناصر باغ میں کرنے کا فیصلہ کیا جائیگا۔

بقیہ 9

انہیں بہت پہلے آجانا چاہیے تھا۔ اسد عمر کا کہنا ہے کہ نواز شریف کو اصولی طور پر واپس آ کر جیل جانا چاہیے۔ پی ٹی آئی رہنما نے مزید کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی تمام کیسز میں سرخرو ہوں گے جبکہ تحریکِ انصاف الیکشن میں بھرپور حصہ لے گی۔ واضح رہے کہ لاہور کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے جناح ہاؤس جلاؤ گھیراؤ کیس میں سابق وفاقی وزیر اسد عمر، چیئرمین پی ٹی آئی کی بہنوں علیمہ خان اور عظمیٰ خان کی عبوری ضمانت میں 16 اکتوبر تک توسیع کی گئی ہے۔

بقیہ 10

تعاون سے اردو، انگریزی اور حساب کا پیپر لیا جائے گا۔ امتحان کے لئے ہر ضلع میں 84 سکولوں کا انتخاب کیا جائے گا۔ اچھے نتائج پر سکول سربراہان کو سرٹیفکیٹ سے نوازا جائے گا۔ سکول ایجوکیشن کے مطابق امتحان کا مقصد پرائمری سکولوں کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانا ہے۔

بقیہ 11

پروگرام کے لئے ملازم کا پنجاب کا مستقل رہائشی ہونا ضروری ہے، اگر ایک گھر سے 2 افراد سرکاری ملازم ہیں تو دونوں پر کٹوتی کا یکساں اطلاق ہوگا۔ صحت سہولت پروگرام سے ملازمین کو سالانہ 10 لاکھ روپے علاج کی سہولت ہوگی۔

بقیہ 12

جو پہلے سے ایک طریقہ کار کے تحت متعلقہ تھانوں کے پاس رجسٹر کی جا چکی ہیں، انہیں کسٹم نیٹ میں لاکر ریگولرائز کیا جاتا ہے تو اس سے قریباً 20 ارب روپے ملنے کی توقع ہے، آپریشن کے دوران ایف بی آر کی ٹیموں کو قانون نافذ کرنے والے اداروں کا تعاون بھی حاصل ہوگا۔ ان ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ سال 2018 تک تھانوں میں پولیس کے پاس درج ہونے والی ان رجسٹر گاڑیوں کے بعد بھی قریباً دو سے 3 لاکھ مزید گاڑیاں بھی بغیر کسٹم ادا کئے پاکستان میں داخل ہوئیں جنہیں اس آپریشن کے دوران حکومتی تحویل میں لیا جاسکتا ہے۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق آپریشن کے دوران نقصان سے بچنے کے لئے پولیس کے پاس ان رجسٹرڈ شدہ گاڑیوں کے مالکان کے لئے 2 آپشنز ہیں کہ کسٹم ادا نہ کرنے کی صورت میں وہ اپنی گاڑی حکومت کے حوالے کر دیں یا مقررہ کسٹم ادا کر کے اسے ریگولرائز کر لیں جبکہ وہ گاڑیاں جو سال 208 کے بعد پاکستان لائی گئیں اور ابھی تک پولیس کے پاس رجسٹر بھی نہیں ہوئیں ان کے لئے گاڑیاں حکومتی حراست میں لینے کے علاوہ کوئی پالیسی نہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ان نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کے کسٹم کی ادائیگی کی صورت میں ملنے والے اربوں روپے کے علاوہ بھی سالانہ ایکسائز ٹیکس کی مد میں بڑی رقوم خزانے میں آئیں گی۔ نجی ٹی وی کے مطابق اس حوالے سے شمالی وزیرستان میں بھی مقامی عمائدین نے اس نمائندے کو بتایا کہ ان کے ہاں بھی ضلع میں نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کو حکومت کے پاس رجسٹر کرنے کے اعلانات کئے گئے ہیں۔ اس کاروبار سے وابستہ بعض ڈیلرز نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ یہ نان کسٹم پیڈ گاڑیاں جاپان اور دوبئی سے افغانستان اور وہاں سے بلوچستان کے راستے پاکستان میں لائی جاتی ہیں جو یہاں سے ایران کی سرحد کے قریب سے ہوتی ہوئی کوئٹہ اور ژوب پہنچتی ہیں، وزیرستان تک لانے کیلئے ایک لاکھ روپے سے زائد فی گاڑی لئے جاتے ہیں جو وزیرستان سے بنوں اور میانوالی کے راستے مالاکنڈ بھی لائی جاتی ہیں۔ یاد رہے کہ مالاکنڈ اور سابقہ فاٹا کے اضلاع میں ایسی گاڑیاں چلتی ہیں، جنہیں پاکستان کے بندوبستی علاقوں میں لانے کی اجازت نہیں ہوتی ہے۔

بقیہ 13

جارہا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کے ٹیکس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے سالوں سے اپنے اہداف کو چھونے اور عبور کرنے کا سلسلہ تو جاری ہے لیکن اتنے قلیل وقت میں عملے کی جانب سے اتنی بڑی ریکوری کی توقعات نہیں کی جا رہی تھیں بلکہ تبادلوں کے وقت تصور کیا جا رہا تھا کہ اسکا اثر ریکوری پر بھی پڑے گا اور کنٹونمنٹ بورڈ کو ایک بڑے مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا لیکن وحید قمر اور عنایت اللہ کی ٹیم نے سی او عمران گلزار کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے 65 کروڑ کا ایک بڑا ہدف عبور کرتے ہوئے ایک تاریخ رقم کر دی ہے۔

بقیہ 14

اے این ایف کے مطابق ایک اور کارروائی میں ملتان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بھکر کی رہائشی 2 خواتین سمیت 4 ملزمان گرفتار کیے گئے، ملزمان کے سفری بیگوں سے مجموعی طور پر 1 کلو 650 گرام آئس برآمد ہوئی۔ ملزمان پرواز نمبر PA-870 کے ذریعے سعودی عرب کے لئے روانہ ہو رہے تھے۔ اے این ایف کے ترجمان کے مطابق کوٹ عبدالمالک ٹول پلازہ کے قریب کارروائی کرتے ہوئے افغان باشندے اور پشاور کے رہائشی ملزم کو گرفتار کیا گیا، ملزمان کی گاڑی سے 1 کلو 30 گرام ہیروئن اور 440 گرام آئس برآمد ہوئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق ڈی جی خان میں شیخ سرور روڈ پر مسافر بس میں سوار ملزم سے 1 کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔ اے این ایف کے ترجمان نے بتایا کہ نوکنڈی میں کارروائی کے دوران چھپائی گئی 30 کلوگرام افیون برآمد کی گئی جو کسی اور گروہ کے حوالے کرنے کی غرض سے ذخیرہ کی گئی تھی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا۔

بقیہ 15

کیا۔ شہری نے قیمتی سامان مل جانے پر موٹروے پولیس ایمانداری کی تعریف کی۔ سیکٹر کمانڈر فیصل اکرم نے افسران کی ایمانداری کو سراہا ہے۔

بقیہ 16

کے رہنے والے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ ضلع بنوں کے ماحولیاتی نمونے میں بھی ایک بار پھر پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے جس کے بعد پاکستان میں اب تک 34 ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہو چکی ہے۔

بقیہ 17

ان کی ملک بدری کا عمل اگلے روز شروع کر دیا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ حکومت کا ڈیڈلائن میں توسیع کا کوئی منصوبہ نہیں ہے کیونکہ اس کا تعین غور و خوض کے بعد کیا گیا ہے۔ اگرچہ حکومت نے غیر قانونی تارکین کو ملک بدر کرنے کی کوئی آخری تاریخ نہیں دی ہے لیکن معتبر حکام سے معلوم ہوا ہے کہ ڈیڈلائن ختم ہونے پر دس ہفتوں کا آپریشن کیا جائے گا۔ ملک میں آئندہ جنوری کے آخری ہفتے میں ہونے والے انتخابات کو مدنظر رکھتے ہوئے آخری تاریخ کا تعین کیا گیا ہے۔ ذرائع نے عندیہ دیا کہ اگر ایسے کچھ تارکین وطن کو دس ہفتوں کے اندر ملک بدر نہ کیا گیا تو انہیں شہری باشندوں سے الگ کر دیا جائے گا تاکہ وہ کسی بھی قسم کی مذموم سرگرمیوں میں ملوث نہ ہو سکیں۔ وفاقی وزیر داخلہ سرفراز بگٹی جنہوں نے اپیکس کمیٹی کے فیصلوں کا اعلان کیا، کابل انتظامیہ سے متعلق سوال کو ٹال دیا جیسا کہ ملک بدری کی کارروائی کے لیے یہ اقدام کیا گیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اقوام متحدہ کے ہائی کمیشن برائے مہاجرین (یو این ایچ سی آر) کو اس کارروائی کے بارے میں اعتماد میں نہیں لیا جائے گا کیونکہ جن لوگوں کو ملک بدر کیا جا رہا ہے وہ یو این ایچ سی آر کے پاس کوئی حیثیت نہیں رکھتے۔

بقیہ 18

وبالخصوص لوڈر رکشہ ڈرائیورز کو تنبیہ کی کہ مختص کردہ مین رِبش پوائنٹس اور خالی جگہوں اور نالوں پر کوڑا کرکٹ/تعمیراتی ملبہ نہ پھینکیں اگر کوئی پرائیویٹ لوڈر رکشے والا کوڑا کرکٹ یا عماراتی ملبہ وغیرہ پھینکتا پایا گیا اس کے خلاف کنٹونمنٹ ایکٹ 1924 کے تحت رکشہ تحویل میں لے کر ایف آئی آر کا اندراج کروایا جائے گا۔ اس ضمن میں کینٹونمنٹ بورڈ نے تمام پرائیویٹ رکشوں کو انتباہ کیا ہے کہ کینٹ بورڈ کی مختص کردہ جگہ مین رِبش پوائنٹس پر کسی قسم کا عماراتی/تعمیراتی ملبہ کوڑا کرکٹ وغیرہ نہ پھینکے

بقیہ 19

اور 43 افراد کے کوائف چیک کیے گئے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا ہے کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کرنا ہے، نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 20

میں سپرد خاک کیا گیا نماز جنازہ میں پوٹھوہار پریس کلب کے صحافیوں، سیاسی سماجی مذہبی شخصیات سمیت اہلیان علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور مرحومہ کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی

بقیہ 21

میں ملوث اشتہاری مجرم کا ساتھی سکندر قبل ازیں گرفتار ہو کر چالان ہو چکا ہے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، سنگین مقدمات میں ملوث اشتہاری مجرمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی میں اہم ہے۔

بقیہ 22

کرنے کے بعد موقع سے فرار ہو گئے تھے، تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے، مورخہ 13 جولائی 2023 کو تھانہ رمنا پولیس کو شہری کی جانب سے درخواست موصول ہوئی کہ نامعلوم ملزمان نے اسلحہ آتشیں سے فائرنگ کر کے محمد وزیر، محمد تاج اور عابد آفریدی کو شدید مضروب کر دیا، محمد وزیر اور محمد تاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گئے، جس پر تھانہ رمنا پولیس نے فوری مقدمہ نمبر 492 مورخہ 13 جولائی 2023 درج رجسٹرڈ کر کے تفتیش شروع کر دی، تھانہ رمنا اور ہومی سائیڈ یونٹ پولیس ٹیموں نے جدید تکنیکی اور سائنسی تقاضوں پر تفتیش کرتے ہوئے اس سنگین نوعیت کے وقوعہ میں ملوث دو ملزمان انعام اللہ اور وقاص کو گرفتار کر لیا، ابتدائی تفتیش کے دوران ملزمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، مزید تفتیش جاری ہے

بقیہ 23

کرنے کے بعد موقع سے فرار ہو گئے تھے، تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے، مورخہ 13 جولائی 2023 کو تھانہ رمنا پولیس کو شہری کی جانب سے درخواست موصول ہوئی کہ نامعلوم ملزمان نے اسلحہ آتشیں سے فائرنگ کر کے محمد وزیر، محمد تاج اور عابد آفریدی کو شدید مضروب کر دیا، محمد وزیر اور محمد تاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گئے، جس پر تھانہ رمنا پولیس نے فوری مقدمہ نمبر 492 مورخہ 13 جولائی 2023 درج رجسٹرڈ کر کے تفتیش شروع کر دی، تھانہ رمنا اور ہومی سائیڈ یونٹ پولیس ٹیموں نے جدید تکنیکی اور سائنسی تقاضوں پر تفتیش کرتے ہوئے اس سنگین نوعیت کے وقوعہ میں ملوث دو ملزمان انعام اللہ اور وقاص کو گرفتار کر لیا، ابتدائی تفتیش کے دوران ملزمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، مزید تفتیش جاری ہے، اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ جرائم اور تشدد پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس بلا تفریق کارروائیاں عمل میں لا رہی ہے، ایسے واقعات میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لا کر قرار واقعی سزا دلوا کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور ملزمان کو ٹھوس شواہد کی روشنی میں چالان کیا جائے گا، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ یا "پکار-15" پر فوراً اطلاع دیں، تا کہ پولیس اور عوام کے تعاون سے معاشرے کو جرائم سے پاک کیا جاسکے۔

بقیہ 24

کیا گیا۔ ملزم محمد ریاض نے شہری کا بینک اکاونٹ ہیک کر کے 9 لاکھ روپے ہتھیائے۔ ملزم رمیض خان نے متاثرہ خاتون کی قابل اعتراض تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کیں۔ ملزم متاثرہ خاتون کے نام سے سوشل میڈیا اکاؤنٹس بنا کر قابل اعتراض مواد شیئر کرنے میں ملوث تھا۔ ملزم سے دو عدد موبائل فون اور ایک لیپ ٹاپ قبضے میں لے لیا گیا، ملزم گزشتہ 3 ماہ سے شکایت کنندہ کو ہراساں کر رہا تھا۔ ملزمان کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا۔

بقیہ 25

عناصر کی گرفتاری عمل میں لائی، تھانہ آبپارہ پولیس نے شراب فروشی میں ملوث تین ملزمان ساجد، محمود احمد اور نادر مسیح کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 60 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ شالیمار پولیس نے ملزم محمد آصف کو گرفتار کر کے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کر لیا، تھانہ سمبل پولیس نے دو ملزمان منصف عالم اور محبوب الرحمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے دو عدد تیس بور پستول برآمد کر لیے، تھانہ ترنول پولیس نے ملزم بلال حیدر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 640 گرام ہیروئن برآمد کر لی، تھانہ سنگجانی پولیس نے ملزم غلام عباس کو گرفتار کر کے اسکے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کر لیا، تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے ملزم طارق اقبال کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کر لیا، تھانہ شمس کالونی پولیس نے ملزم زین اللہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کر لیا، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ یا "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 26

سے زائد کی رقم وصول کی۔ ستمبر 2023 سے جاری مہم کے دوران اب تک 20 ہزار 708 نادہندگان سے مجموعی طور پر 31 کروڑ 63 لاکھ سے زائد کی رقم ریکور کر لی گئی ہے۔ آئیسکو چیف ڈاکٹر محمد امجد خان کا کہنا تھا کہ بل ادا نہ کرنے والے صارفین کے میٹرز منقطع کرنے کے ساتھ ساتھ بجلی نادہندگان کو پولیس نے گرفتار بھی کیا ہے۔ انہوں نے صارفین سے کہا کہ ایک ذمہ دار شہری ہونے کے ناطے اپنے ذمے بجلی بلز کو بروقت ادا کریں۔ انہوں نے فیلڈ دفاتر کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ نادہندگان سے بجلی واجبات کی وصولی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور اس مہم میں کسی بھی قسم کی کوتاہی اور سستی ناقابل برداشت ہے۔

بقیہ 27

اڈیالہ جیل میں کی۔ ذرائع کے مطابق عدالت میں ایف آئی اے کے پراسیکیوٹرز اور پی ٹی آئی کے وکلاء پیش ہوئے، پی ٹی آئی کے وکلاء نے سائفر کیس میں ٹرائل روکنے کی درخواست دائر کی۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے وکلاء نے کہا کہ جیل ٹرائل اور اِن کیمرہ سماعت کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی جس پر فیصلہ محفوظ ہے، جب تک ہائی کورٹ اِن کیمرہ سماعت پر فیصلہ نہیں سناتی کارروائی روکی جائے۔ تحریکِ انصاف کے وکلاء نے استدعا کی کہ ہائی کورٹ کا فیصلہ آنے تک چالان کی کاپیاں ٹرائل کیلئے فراہم نہ کی جائیں، شفاف اور منصفانہ ٹرائل کیلئے ہائی کورٹ کے فیصلے کا انتظار کیا جائے، ہائی کورٹ میں سائفر کیس اِن کیمرہ سماعت کرنے کا فیصلہ محفوظ ہے اور فیصلہ آنے تک ٹرائل روکا جائے۔ ذرائع کے مطابق جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ نے کوئی اسٹے نہیں دیا ہوا، سائفر کیس کی سماعت اڈیالہ جیل میں ہو رہی ہے، جہاں عام شہری موجود نہیں۔

بقیہ 28

چرس، ائیرپورٹ پولیس نے ملزم شکیل سے 01 کلو 200 گرام چرس، صدر واہ پولیس نے ملزم شرجیل سے 900 گرام چرس، ملزم امتیاز سے 900 گرام چرس، ملزم یاسین سے 510 گرام چرس، مورگاہ پولیس نے ملزم ذیشان سے 560 گرام چرس، دھمیال پولیس نے ملزم نوید سے 550 گرام چرس، عاقب سے 540 گرام چرس، بنی پولیس نے ملزم دلشاد سے 540 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم حسیب سے 520 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے خاتمہ

بقیہ 29

دھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں 12 سالہ بچے سمیت دو پاکستانی شہری شہید اور ایک بچہ زخمی ہو گیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ یہ واقعہ زیرو لائن پر واقع آؤٹ باؤنڈ گیٹ پر پیش آیا، تاہم سیکیورٹی فورسز نے انتہائی تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے بے گناہ مسافروں کی موجودگی میں فائرنگ کے تبادلے سے گریز کیا تاکہ جانی نقصان سے بچا جا سکے۔ جاں بحق ہونے والے افراد کی لاشوں کو ڈی ایچ کیو اسپتال چمن منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ زخمی بچہ جسے سیکیورٹی فورسز نے فوری طور پر باہر نکالا تھا، زیر علاج ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق افغان حکام سے اس غیر ذمہ دارانہ اقدام اور لاپرواہی کی وجہ دریافت کی گئی ہے اور مجرم کو پکڑ کر پاکستانی حکام کے حوالے کرنے کے لیے رابطہ کیا گیا ہے۔ افغان حکام سے کہا گیا ہے کہ مستقبل میں ایسے واقعات کی کشیدگی سے بچنے کے لیے ذمہ داری سے کام کرنے کے لیے نظم وضبط کا مظاہرہ کریں۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ پاکستان مثبت اور تعمیری دوطرفہ تعلقات کے ذریعے امن، خوشحالی اور ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے، تاہم اس طرح کے ناخوشگوار واقعات سے خلوص نیت اور مقصد کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 30

اضلاع کے آر پی اوز کو ہدایات جاری کر دیں۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے پولیس کو ہدایت کی گئی ہے کہ غیر قانونی تارکین کے شناختی کارڈز کی باقاعدہ تصدیق کی جائے، غلط شناختی کارڈز کو فوری بلاک کیا جائے، پولیس موثر آپریشن کے ذریعے غیر قانونی تارکین وطن کا ڈیٹا اکٹھا کرے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ محسن نقوی نے کسی غیر قانونی تارکین وطن کے ساتھ نرمی نہ کرنے کی ہدایات بھی جاری کی ہیں۔

بقیہ 31

کہا کہ 2013 میں نواز شریف نے 20، 20 گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ ختم کی، تب بجلی نہیں تھی اور لوگ بیروزگار تھے، نواز شریف نے صرف 4 سالوں میں لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف دور میں مہنگائی نام کی کوئی چیز نہیں تھی، 2018 میں تاریخی دھاندلی اور جھرلو انتخابات ہوئے اور عوام کو ترقی خوشحالی سے محروم کر دیا گیا، نواز شریف کو اقتدار سے نہیں ہٹایا گیا تھا بلکہ عوامی ترقی و خوشحالی کو روکا گیا تھا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ اللہ کو منظور ہوا تو نواز شریف 21 اکتوبر کو واپس آ رہے ہیں، ترقی کا رکا ہوا سفر دوبارہ شروع کرینگے، آپ 21 اکتوبر کو نواز شریف کا تاریخی استقبال کر کے پیغام دیں کہ ان کے ساتھ زیادتی ہوئی تھی۔ انہوں نیکہا کہ نواز شریف انتقام لینے کے لئے واپس نہیں آ رہا، جن کرداروں نے نواز شریف کے ساتھ زیادتی کی اس کا سب کو علم ہے، نواز شریف کے ورکر کے طور پر میں اپنی جان لڑاں گا۔

بقیہ 32

سرگرمیوں میں ملوث ہیں اور ملک میں حالیہ دہشتگردی کے واقعات میں بھی افغان دہشتگردوں کا ہاتھ ہونے کی تصدیق ہوئی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق چند مہینوں میں پاکستان میں ہونے والے 24 خودکش حملہ آوروں میں سے 14 افغانی تھے۔ ذرائع کے مطابق 12 مئی 2023 کو مسلم باغ میں ہوئے حملے میں تحریک طالبان افغانستان کے 5 دہشتگرد ملوث تھے، 12 جولائی 2023 کو ژوب کینٹ پر دہشتگردوں کے حملے میں 5 میں سے 3 افغانی دہشتگرد تھے، 30 جنوری 2023 کو پولیس لائنز پشاور کے خودکش حملہ آوروں کا تعلق بھی افغانستان سے تھا اور 29 ستمبر 2023 کو ہنگو میں خودکش حملہ آوروں کا تعلق بھی افغانستان سے تھا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان میں ٹی ٹی پی جیسے دہشتگرد نیٹ ورک کو افغان دہشتگردوں کی پشت پناہی حاصل ہے۔

بقیہ 33

ماسٹر فرانچائزر سے ٹیکس وصول کر کے جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ پی آر اے کی جانب سے تمام فرنچائزرز سے انفرادی کی بجائے ریسٹورنٹس کی ماسٹر فرانچائزر سے اب ٹیکس وصول کیا جائے گا، ماسٹر فرانچائزر کے ذمہ ٹیکس لے کر جمع کروانا لازمی ہوگا۔ ترجمان کے مطابق پنجاب سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2012 کے سیکشن 14 اے کے تحت ٹیکس کی وصولی کو یقینی بنایا جائے گا، سیکشن 14 اے کے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے تمام فوڈ پوائنٹس کے ماسٹر فرنچائزر سے ٹیکس وصول کیا جائے گا، ٹیکس کی ادائیگی موبائل ایپس اور سمارٹ کارڈ سے بھی کی جاسکے گی، فوڈ پوائنٹس میں کافی ہاسز، ہوٹلز اور ریسٹورنٹس بھی شامل ہیں۔

بقیہ 34

دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر مذہبی امور نے کہا کہ میرا حالیہ دورہ سعودی عرب انتہائی کامیاب رہا۔ امسال پاکستانی حجاج کو پہلے سے بہتر سہولتیں فراہم کریں گے۔ الحمدللہ کراچی کو روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ میں شامل کر لیا گیا ہے۔ اب کراچی سے روانہ ہونے والے عازمین حج کی سعودی امیگریشن اور کسٹم پاکستان میں ہی ممکن ہو سکے گا اور سعودی عرب پہنچنے پر عازمین کو مختصر وقت میں انکی رہائش گاہوں کی جانب روانہ کیا جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اسلام آباد میں مجوزہ سیرۃ میوزیم کا قیام ایک انقلابی قدم ہوگا۔ سیکرٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی ڈاکٹر عبدالکریم العیسی 15 نومبر کو سیرت میوزیم کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ رابطہ عالم اسلامی انتہائی متحرک اور فعال کردار ادا کر رہی ہے۔ سعودی سفیر عزت مآب نواف سعید المالکی نے کہا کہ آنے والے حج کے دوران حجاج کی سہولتوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ دنیا بھر سے صرف سات ممالک کو روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ میں شامل کیا گیا ہے اور پاکستان ان اولین ممالک میں شامل ہے۔ ریجنل ڈائریکٹر رابطہ عالم اسلامی سعد الحارثی نے بتایا کہ سیرت میوزیم اسلام آباد میں 8 ہزار سکوائر میٹر رقبے پر تعمیر کیا جائے گا۔ اگلے ماہ اس کے سنگ بنیاد اور بروقت تعمیر کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 35

درخواست ضمانت پر اوپن کورٹ میں سماعت ہوگی، جن دستاویزات کو ان کیمرا رکھنا ہوگا وہ وکلا کی مشاورت سے رکھی جائیں گی۔ چیئرمین پی ٹی آئی کی ضمانت کی درخواست پر 9 اکتوبر کو سماعت ہوگی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایف آئی اے کی ان کیمرا سماعت سے متعلق درخواست پر 2 روز قبل فیصلہ محفوظ کیا تھا۔

بقیہ 36

تربیت یافتہ انتہا پسندوں کی نشاندہی کر لی گئی۔ افغان جیلوں سے رہا ہونے والے 541 افراد بھی واچ لسٹ میں شامل ہیں۔ غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کی ٹریکنگ اور واپسی کے لیے سروے جاری ہے۔ بتایا گیا ہے کہ پنجاب میں کارڈ ہولڈر اور دستاویزی رجسٹرڈ افغانوں کی تعداد 2 لاکھ 75 ہزار سے زائد ہے، دستاویزات کی میعاد ختم ہونے اور غیر قانونی مقیم افغانوں کا کوئی ریکارڈ موجود نہیں۔

بقیہ 37

وی چینل کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آئین ہمیں الیکشن میں تاخیر کی کوئی گنجائش نہیں دیتا، پہلے بھی آئین کی خلاف ورزی اب بھی آئین کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے، الیکشن میں تاخیر کریں گے تو آئین کی خلاف ورزی ہوگی جو درست نہیں۔ انتخابات کے حوالے سے خورشید شاہ کا کہنا تھا کہ ہر موسم میں، تمام قسم کے حالات میں الیکشن ہوئے اب کیا مسئلہ ہے، آئین کی پاسداری رکھنی ہے تو پرانی حلقہ بندیوں پر ہی الیکشن کرا لیتے۔ پی پی رہنما نے کہا کہ جنوری کے آخری ہفتے میں بھی الیکشن نہ ہوئے تو آگے بلیک کوریڈور ہے، ہم حکومت نہیں چاہتے، ہم پاکستان، جمہوریت اور پارلیمنٹ چاہتے ہیں، دوسری جماعتوں کو الیکشن سے خوف ہے لیکن پیپلز پارٹی پوری طرح تیار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جمہوریت کیلئے پاکستان پیپلز پارٹی نے قربانیاں دی ہیں، جلاوطنی سے جمہوریت کیلئے واپس آ رہے ہیں تو آئین الیکشن کرائیں، خدا کے واسطے جمہوری اور سیاستدان بنیں، الیکشن کرا کر پارلیمنٹ بحال کریں۔

بقیہ 38

کے قریب پہنچا تو عقب سے آنے والی تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر لگنے سے بری طرح زخمی ہو کر گر پڑا حادثہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم موقع پر پہنچی تو وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار چکا تھا تاہم پولیس نے نعش کو قبضہ میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر کے حادثے کے مرتکب ڈرائیور کی تلاش شروع کر دی ہے۔

بقیہ 39

اور تین نے نوٹس جاری کیے، احتساب عدالت ایک نے شاہد خاقان عباسی کو ایل این جی ریفرنس میں 14 نومبر کو طلب کر لیا جبکہ راجہ پرویز اشرف کو رینٹل پاور ریفرنس میں طلب کیا گیا ہے۔ راجہ پرویز اشرف کو 2015، 2017 میں دائر ریفرنسز میں 14 نومبر کو طلب کیا گیا ہے، 2016، 2017 میں دائر ریفرنسز میں احتساب عدالت نے راجہ پرویز اشرف کو 12 اکتوبر کو طلب کر لیا۔ علاوہ ازیں احتساب عدالت تین نے راجہ پرویز اشرف کو چاروں کیسز میں نوٹس جاری کیا، احتساب عدالت نے شاہد خاقان عباسی، راجہ پرویز اشرف کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا ہے۔

بقیہ 40

میں پلاٹ کی فروخت میں فراڈ کے ملزم کو گرفتار کیا، ملزم کے خلاف 12 جولائی کو تھانہ رمنا میں فراڈ کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ ملزم نے ایک سے زائد افراد کو آئی الیون ٹمبر مارکیٹ کے پلاٹ فروخت کیے۔ وکیل مدعی کے مطابق ملزم نے مدعی کے پاس ٹرانسفر اپیلی کیشن فارم ہونے کا علم ہونے کے باوجود گمشدگی رپورٹ درج کرائی۔ وکیل نے کہا کہ ملزم نوید نے ٹرانسفر فارم کی گمشدگی رپورٹ درج کرائی اور فراڈ کر کے سی ڈی اے سے ڈپلیکیٹ فارم لینے کی کوشش کی۔

بقیہ 41

میں 6 اکتوبر تک توسیع کر دی۔ ایڈیشنل سیشن جج طاہر عباس سپرا کی عدالت میں شیر افضل مروت اور مدعی وکیل پیش ہوئے۔ مدعی سینیٹر افنان اللہ کے وکیل آدم خان نے تیاری کے لیے عدالت سے وقت مانگ لیا۔ عدالت میں شیر افضل مروت نے کہا کہ جج صاحب جو بھی فیصلہ کرنا ہے جلدی کر دیں، مجھے بیرون ملک جانا ہے، مدعی کے مطابق مجھے مارا گیا اور میرے ہی خلاف مقدمہ بھی درج کر لیا گیا۔ جج طاہر عباس سپرا نے کہا کہ آئندہ سماعت پر سینیٹر افنان اللہ کو بھی عدالت بلا لیتے ہیں اور آپ دونوں کی صلح کرا دیتے ہیں۔ بعد ازاں عدالت نے شیر افضل مروت کی ضمانت میں 6 اکتوبر تک توسیع کر دی۔ واضح رہے کہ شیر افضل مروت کے خلاف سینیٹر افنان اللہ کی مدعیت میں تھانہ آبپارہ میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ شیر افضل مروت کی ایک ٹی وی پروگرام کے دوران سینیٹر افنان اللہ کے ساتھ ہاتھا پائی کا واقعہ پیش آیا تھا۔

بقیہ 42

کے استعمال پر 09، گیس کے غیر قانونی استعمال پر 01 کنکشن منقطع جبکہ 22 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے، ملتان میں ریجنل ٹیم نے غیر قانونی استعمال پر 04 گیس کنکشنز منقطع کیے اور کمپریسر کے استعمال پر 03 کنکشنز منقطع کیے گئے جبکہ 30 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے، 38 ہزار روپے کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ شیخوپورہ میں گیس کے براہ راست استعمال اور غیر قانونی توسیع پر 17 کنکشنز منقطع کر دیئے گئے جبکہ 72 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشنز پر 44 کنکشنز منقطع کیے اور 08 لاکھ سے زائد کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ راولپنڈی میں ریجنل ٹیم نے 07 گیس کنکشنز منقطع کیے گئے۔ مردان میں گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشنز پر 11 کنکشنز منقطع کیے گئے جبکہ 100 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے۔ ریجنل ٹیم نے گیس چوروں پر 6 لاکھ روپے کے جرمانے بھی عائد کیے۔ سیالکوٹ میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 01 کنکشنز منقطع جبکہ 9.061 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ سرگودھا میں ریجنل ٹیم نے کمپریسر کے استعمال پر 03 گیس کنکشنز منقطع کیے جبکہ 47 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے اور 96 ہزار روپے کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔ گوجرانوالہ میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے 44 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے 06 میٹر غیر قانونی استعمال پر اور کمپریسر کے استعمال پر 02 میٹرز منقطع کئے گئے اور 2 لاکھ سے زائد کے جرمانے بھی عائد کیے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 08 کنکشنز منقطع, 10 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے جبکہ 2 لاکھ 40 ہزار کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔ ساہیوال میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 04 گیس کنکشنز منقطع کئے گئے۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران میٹر سے چھیڑ چھاڑ پر 05، کمپریسر کے استعمال پر 02 میٹرز منقطع کئے گئے اور 82 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کئے جبکہ 1 لاکھ 85 ہزار کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔

بقیہ 43

کا دائرہ کار راولپنڈی تک بڑھانے کا اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ راولپنڈی میں پہلی مرتبہ پنجاب کابینہ کا اجلاس ایک منفرد اعزاز ہے۔ پنجاب کے عوام کو ریلیف دینے کیلئے ایک ٹیم ورک کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے صوبائی وزراء اور افسران مل کر ڈلیور کر رہے ہیں۔ ٹیم ایک ہو تو ہی رزلٹ مثبت آتا ہے۔ ہمارے پاس جتنا بھی وقت ہے، پوری کوشش کر کے عوام کو ریلیف دے رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ مختلف بورڈز میں میرٹ پر بزنس کمیونٹی کو آگے لا رہے ہیں۔ کاروباری شخصیات کو دیگر بورڈز میں بھی شامل کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ راولپنڈی میں سی بی ڈی آنے سے معاشی سرگرمیاں بڑھیں گی۔ کوشش ہے کہ ایک ماہ کے اندر سی بی ڈی راولپنڈی میں کام شروع کر دے، اس سے آپ کے کئی مسائل حل ہو جائیں گے۔ بزنس کمیونٹی آگے آئے اور ہسپتالوں میں بہتری کے لئے تعاون کرے۔ یورالوجی ہسپتال کو پی کے ایل آئی میں تبدیل کر دیا ہے اس سے ہسپتال کا معیار بہت بہتر ہوگا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ صوبائی وزیر صنعت ایس ایم تنویر اور چیف سیکرٹری ون ونڈو آپریشن پر بہت کام کر رہے ہیں۔ ہم نے چین میں بھی ون ونڈو آپریشن کا جائزہ لیا۔ پنجاب کے 6 بڑے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کی تجاویز کی روشنی میں ون ونڈو آپریشن بنا کر شروع کیا جائے گا۔ اگلے چند روز میں ون ونڈو آپریشن کو فائنل کر لیا جائے گا۔

بقیہ 44

کئے گئے، پنجاب بھر کے 108 سول ججز کو تبدیل کیا گیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی منظوری کے بعد ججوں کے تبادلوں کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔

بقیہ 45

ٹیکنالوجی کے ذریعے اپنے کاروبار کے آغاز میں مدد کرنا انہیں بااختیار بنانے کا تیز ترین راستہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں ایوان صدر میں وومن بزنس نیٹ ورک کے زیر اہتمام رائزنگ وویمن 2023 کے موضوع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ خواتین کو تعلیم، ملازمت اور سیاسی شعبوں میں مساوی مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے تاکہ انہیں مرکزی دھارے میں شامل کاروباری اداروں میں مناسب جگہ حاصل کرنے میں مدد مل سکے۔ انہوں نے ایسی پالیسیاں وضع کرنے پر زور دیا جس میں معاون ادارہ جاتی ماحول اور خواتین کو اپنے کاروبار کو آگے بڑھانے کے لیے حوصلہ افزائی کے لیے ہراساں کیے جانے سے پاک کام کی جگہ شامل ہے۔ صدر مملکت نے خواتین تک انٹرپرینیورشپ کے بارے میں معلومات کو مزید قابل رسائی بنانے کا ذکر کرتے ہوئے نشاندہی کی کہ رہنمائی کی کمی کی وجہ سے صرف پانچ فیصد خواتین نے سٹیٹ بینک سے کاروباری قرضوں کے مخصوص کوٹے سے فائدہ اٹھایا۔ ڈاکٹر عارف علوی نے گھریلو خواتین کو دنیا کے موجودہ رجحانات کو پورا کرنے کے لیے انٹرنیٹ کا استعمال سمیت عصری مہارتوں کے سکل سیٹ فراہم کرنے پر زور دیا۔ صدر مملکت نے خواتین کے ملکیتی قانون پر موثر اور سخت عملدرآمد کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس سے خواتین کو بااختیار اور معاشی طور پر مضبوط بنانے میں مدد ملے گی۔ صدر مملکت نے کہا کہ اسلام نے 1400 سال پہلے خواتین کو ان کے حقوق دیکر ان کے جائز مقام کا تعین کر دیا، خواتین کو وراثتی حقوق کے متعلق قانون پر عملدرآمد کیلئے معاشرتی اقدار کو بدلنا ہوگا۔ صدر مملکت نے کہا کہ اسلام اور ملکی آئین نے خواتین کے مساوی حقوق کو یقینی بنایا اور ان کی ترقی کی حمایت کی ہے۔ انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ ملک میں خواتین کو وراثت کے حق سے محروم رکھا جاتا ہے۔ صدر نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانے کی ضرورت ہے تاکہ انہیں معاشی طور پر مستحکم کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں خواتین کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے جدید کاروباری طریقوں کو اپنانے کی تربیت دینے کی ضرورت ہے تاکہ وہ اپنے گھروں سے کمانے میں مدد کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگر خواتین کو زندگی کے تمام شعبوں میں یکساں مواقع فراہم کیے جائیں تو انہیں ایک پیداواری افرادی قوت میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ معیشت کے مختلف شعبوں خصوصاً آئی ٹی کے شعبے میں نوجوانوں اور خواتین کی شمولیت سے پاکستان کو تیز رفتار ترقی حاصل کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے اپنے بے پناہ انسانی وسائل کو جدید ترین تکنیکی مہارتوں سے آراستہ کرنا چاہیے۔ پاکستان میں آسٹریا کی سفیر اینڈریا وک نے صنفی امتیاز کو ختم کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ مساوی اجرت، مالی خواندگی اور قانونی تحفظ خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لیے اہم ہیں۔ پاکستان میں اٹلی کے سفیر اینڈریاس فیریز نے صنفی مساوات کے اہداف کے حصول میں پاکستان کے ساتھ اٹلی کے مشترکہ عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وسائل تک مساوی رسائی سے خواتین معاشرے میں مثبت تبدیلی لا سکتی ہیں۔ وومن بزنس نیٹ ورک کیہانی سام علی دادا نے کہا کہ ان کی تنظیم دیہی خواتین کو چیلنجز سے نبرد آزما ہونے اور ان کی اپنی اور برادریوں کی زندگیوں میں بہتری لانے میں مدد کر رہی ہے۔ انہوں نے خودکفیل انیشیٹو اور خواتین کے اسپورٹس گالا کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ دیہی علاقوں کی خواتین کو خودکفیل بنانے کے لیے جاری پروگرامز کا حصہ ہے۔ قبل ازیں صدر مملکت نے دیہی خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے نمایاں کردار ادا کرنے والی شخصیات میں شیلڈز تقسیم کیں۔ تقریب میں آسٹریا اور اٹلی کے سفیروں سمیت غیر ملکی سفارتکاروں اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ 46

لاہور میں گزشتہ روز 58، راولپنڈی میں 50، ملتان میں 15، فیصل آباد میں 3، گوجرانوالہ میں 17، اٹک اور چکوال میں 2، 2 جبکہ شیخوپورہ، سیالکوٹ، رحیم یار خان، ڈیرہ غازی خان، ٹوبہ ٹیک سنگھ، ننکانہ صاحب، چنیوٹ اور حافظ آباد میں ڈینگی کا ایک ایک نیا مریض سامنے آیا۔ سیکرٹری صحت کے مطابق پنجاب بھر کے ہسپتالوں میں اس وقت ڈینگی کے کل 188 مریض زیر علاج ہیں۔

بقیہ 47

نے ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن مسلم لیگ ن کے اسلامی ترجمان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی جو خواہش ہوتی ہے وہ مولانا فضل الرحمن بیان کر دیتے ہیں۔ شعیب شاہین نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن نے صرف سردیوں میں انتخابات ملتوی کرنے کا ذکر نہیں کیا، ان سے پوچھا جائے کہ انہوں نے الیکشن نہ کروانے کا بھی بیان دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ الیکشن چھوڑیں معیشت بچائیں، انہیں زیب نہیں دیتا کہ وہ الیکشن دیر سے کروانے کا بیان دیں۔ شعیب شاہین نے کہا کہ اگر انتخابات نہیں ہوتے تو سینیٹ، پارلیمنٹ کو ختم کر دیں، یہ طرز عمل کسی سیاستدان کا نہیں ہوتا انہیں اپنے کرتوت نظر آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت کو انتخابات کی واضح تاریخ دینی چاہیے تھی۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
05 اکتوبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 05 اکتوبر 2023 صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، ایس ای ایس، فضل گھی، این ڈی سی۔ H-11/4،1، I-10/2، نیو ایکسچینج، کڈنی سینٹر، ڈاکٹر اے کیو خان، اسلامک یونیورسٹی، بحریہ یونیورسٹی، جی ٹن ون، جی ٹن ٹو، جی ٹن فور، جی نائن ون، سی ڈبلیو او، اے کیو خان، گالف سٹی، منڈالہ، شاہدرہ، این سی پی، یونیورسٹی فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ڈھوک نجو، راجہ سلطان، عید گاہ، عزیز آباد، پیپلز کالونی، پی اینڈ ٹی ون فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، آئی ایس ٹی، نیوروات فیڈرز، چکوال سرکل، مدینہ ٹاؤن، ونہار فیڈرز، اٹک سرکل، ایچ ایم سی روڈ، ٹیکسلا، شیر شاہ سوری، پنڈ پران، ویلی، گلشن صحت، سنگجانی، شاہ اللہ دتہ، اے ڈبلیو ٹی۔4، ایم وی ایچ ایس، ایم پی سی ایچ ایس بی۔ 17، پسوال، سرائے خربوزہ، کامرہ رورل، مانسر، گوندل، حاجی شاہ، حمید، غور غشتی، بارہ زئی، مسکین آباد، شاہ دیر، ریڈیو پاک۔I&II، لارن پور، قاضی آباد، جی بی ایچ پی کالونی فیڈرز، صبح 08:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، جی ایس او سرکل، دھیر کوٹ، چمن کوٹ، رنگلہ، دانہ ایکسپریس، دھیلا، سوہاوہ منہاسہ، نمبل، بیروٹ کاظمی، دھیر کوٹ۔II فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 48

پروسیجر کے تحت ریمانڈ پیپر تیار نہ کرنے پر ڈی پی او بہاولپور، ایس ایچ او اور تفتیشی پر پانچ روز میں مقدمہ درج کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ عدالت نے کسی بھی ملزم کے جسمانی ریمانڈ کی درخواست کے لیے نئے اصول وضع کر دیئے۔ عدالت نے اپنے تحریری فیصلے میں کہا ہے کہ ملزم کے جسمانی ریمانڈ کے لیے ضمنی میں صفحے کے آخر پر سیریل نمبر اور ایف آئی آر نمبر درج ہونا چاہیے، ملزم کے خلاف کیس ڈائری باقاعدہ رجسٹرڈ ہو جس پر متعلقہ ایس ایچ او کے دستخط ہوں، ملزم کے خلاف ایف آئی آر پر بھی سیریل نمبر درج ہو اور روزنامچہ میں بھی اسی روز اندراج ہو۔ عدالت نے تحریری فیصلے میں مزید لکھا ہے کہ پولیس رولز میں لکھی ہدایات کے مطابق ریمانڈ پیپر تیار کیا جائے، چالان پر بھی سیریل نمبر کا اندراج لازمی ہونا چاہیے، جسٹس طارق ندیم نے اس حوالے سے پولیس، اینٹی کرپشن، ایف آئی اے کو احکامات جاری کر دیئے۔

بقیہ 49

والے "انتخاب نہیں احتساب" کے نعروں کا تسلسل ہے، سوال یہ ہے آئین کیا کہتا ہے؟ آئین پاکستان واحد ڈاکومنٹ ہے جس پر پوری قوم کا اتفاق ہے، اس پر عمل درآمد کرنا ہوگا۔ منصورہ میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں بھی دو صوبوں کی نگران حکومتیں آئین سے بالاتر کام کر رہی ہیں، نگران حکومتوں کے پاس یہ مینڈیٹ بھی نہیں کہ بجلی، گیس کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ کریں، یہ ماضی کی حکومتوں کا تسلسل اور آئی ایم ایف کے احکامات پر عمل پیرا ہیں جس کے نتیجہ میں عوام مشکل ترین حالات سے دوچار ہیں، لوگوں کے پاس علاج کے لیے پیسے نہیں، غریب اپنے بچوں کو سکول نہیں بھیج سکتا، گاڑی تو کیا موٹرسائیکل میں پٹرول ڈلوانا مشکل ہو گیا۔ چترال سے لے کر کراچی تک ہر شخص حالات کے رحم و کرم پر ہے، خودکشیوں اور نفسیاتی امراض میں اضافہ ہو رہا ہے، خطرے والی بات یہ ہے کہ آنے والی حکومت کے لیے بھی آئی ایم ایف نے اہداف طے کیے ہیں، کیا حکمرانوں نے ہمیں عالمی مالیاتی اداروں کا غلام بنایا ہے؟ ان حالات میں جماعت اسلامی مسلسل سڑکوں پر ہے اور عوام کے لیے حق مانگ رہی ہے، ہم نے لاہور، پشاور، کوئٹہ میں گورنر ہاؤسز کے باہر دھرنے دیے، 6 اکتوبر کو کراچی میں گورنر ہاؤس کے باہر دھرنا ہوگا، ہم عوام کے لیے جدوجہد کسی صورت ترک نہیں کریں گے۔ سراج الحق نے کہا اسمگلنگ اور کرپشن کے خلاف کارروائی کو تحسین کی نظر سے دیکھتے ہیں، یہ ریاست اور اداروں کی ذمہ داری ہے، تاہم اس کا ہرگز مطلب الیکشن التوا نہیں۔ قوم اس لیے فوج سے محبت کرتی ہے کیونکہ وہ سرحدوں کی پاسدار ہے اور یہی فرض آئین پاکستان نے انہیں دیا ہے، اداروں کی بقا اور عزت بھی اسی میں ہے کہ وہ آئین کی پاسداری کریں۔ ملک چلانے کی ذمہ داری عوام کی طاقت سے اقتدار میں آنے والے لوگوں کے پاس ہے۔ امیر جماعت کا کہنا تھا کہ نئی نسل انقلاب کی تلاش میں ہے، انقلاب اس اسلامی فلاحی پاکستان کی منزل کا حصول ہے جس کے لیے لاکھوں اسلامیان برصغیر نے قربانیاں دیں اور اس منزل کا راستہ جمہوری ہے۔

بقیہ 50

متعلق جاری ہونے والے تفصیلی فیصلے کے مطابق عدالت نے ضمانت کی درخواستیں مسترد کرنے کا ٹرائل کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ فیصلے کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی کا حاضری سے استثنیٰ بھی بحال کر دیا گیا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی جان بوجھ کر عدالت سے غیر حاضر نہیں ہوئے، ضمانت منسوخی کے باوجود ریاست نے چیئرمین پی ٹی آئی کو ان مقدمات میں گرفتار نہیں کیا۔ فیصلے میں ہدایت کی گئی ہے کہ ٹرائل کورٹ یہ نقطہ دیکھتے ہوئے ضمانت کی درخواستوں پر فیصلہ کرے۔ واضح رہے کہ سیشن کورٹ نے 6 اور انسداد دہشتگردی عدالت نے 3 کیسوں میں عدم پیروی پر چیئرمین پی ٹی آئی کی ضمانتیں خارج کی تھیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے 9 کیسوں میں ٹرائل کورٹ کا فیصلہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔

بقیہ 51

ڈسٹرکٹ کونسل فیصل آباد کا بھی اضافی چارج دے دیا گیا۔ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی فتح جنگ ضیا اللہ کو تبدیل کر کے جہلم میں ڈسٹرکٹ آفیسر میونسپل ریگولیشنز لگا دیا گیا، ڈسٹرکٹ کونسل میونسپل ریگولیشنز محمد عارف کو لوکل گورنمنٹ بورڈ رپورٹ کرنے کے احکامات جاری، ڈسٹرکٹ آفیسر پلاننگ مجاہد حسین کو ڈسٹرکٹ کونسل نارووال سے تبدیل کر کے لوکل گورنمنٹ بورڈ کو رپورٹ کرنے کی ہدایت، ڈسٹرکٹ آفیسر (میونسپل ریگولیشنز) راولپنڈی کو بھی لوکل گورنمنٹ بورڈ کو رپورٹ کرنے کے احکامات جاری جبکہ زونل آفیسر پلاننگ عاصم شاہد کو لاہور سے تبدیل کر کے نارووال اور شکرگڑھ میں میونسپل آفیسر پلاننگ کا چارج دے دیا گیا۔

بقیہ 52

تدفین کے چند گھنٹے بعد قبر سے لاش نکال لیتا تھا اور لاش کو قبر سے 10 سے پندرہ گز کے فاصلے پر رکھ دیتا تھا۔ ملزم مانی لاش کے ورثاء کو اپنی کارروائی کی اطلاع بھی خود کرتا تھا، جس کے خلاف دفعہ 297 کے تحت مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 53

گیا ہے۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ ضلعی انتظامیہ اور پولیس انتخابی مہم میں رکاوٹیں ڈال رہی ہے۔ درخواست گزار نے بتایا کہ دیگر سیاسی جماعتوں کو انتخابی مہم اور جلسوں کی اجازت ہے لیکن پی ٹی آئی کو نہیں۔ درخواست گزار نے کہا کہ کرک میں ورکر کنونشن پر پولیس نے شیلنگ کی اور کارکنوں کو حراست میں لیا۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ پی ٹی آئی کو پُرامن انتخابی مہم کی اجازت دی جائے۔

بقیہ 54

تھا۔ پی آئی اے کے ترجمان نے بتایا کہ گراؤنڈ ہینڈلنگ اور فیول کمپنی کے واجبات 2 لاکھ ڈالر ادا کر دیئے گئے ہیں اور واجبات کی ادائیگی کے بعد پی آئی اے کی پرواز ریلیز کر دی گئی ہے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق پاکستان میں رات ہونے کی وجہ سے ادائیگی میں تاخیر ہوئی تھی اور اسی وجہ سے فلائٹ پی کے 790 چار گھنٹے تاخیر کا شکار ہوئی۔ پی آئی اے کے ترجمان نے بتایا کہ سوئس پورٹ کمپنی ہی پی آئی اے کو گراؤنڈ ہینڈلنگ سروسز فراہم کرے گی۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق قومی ایئر لائن کی ایک پرواز ٹورنٹو کیلئے روانگی کا بتایا گیا۔ پی آئی اے کے ترجمان نے بتایا کہ قومی ایئر لائن پاکستان سے 4 پروازیں ٹورنٹو کیلئے آپریٹ کرتی ہے۔

بقیہ 55

نوجوان رہائش پذیر جو آزادانہ طور پر دن کو اور دیر رات کے تک نقل و حرکت جاری رکھے ہوئے ہیں اور رہائشی مکانوں کی چھتوں پر قمیصیں اتار کر بلاخوف و خطر پھرتے ہیں جسکے باعث علاقہ مکین سخت اذیت کا شکار شہری حلقوں نے ان غیر مقامی غیر رجسٹرڈ نوجوانوں کی آبادی کے اندر رہائشوں کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ کہاں کا قانون ہے کہ آبادی والے ایریاز میں کثیر تعداد بغیر فیملی والے مردوں کو رہائشیں دی جائیں قانون اس کی ہرگز اجازت نہیں دیتا ہے انکی آزادانہ نقل و حرکت کی وجہ سے اکیلی خواتین کا گلی محلے میں نکلنا محال ہو چکا ہے کبھی یہ چھتوں پر قمیصیں اتار کر پھرتے ہیں اور کبھی محلے کی مسجد میں صبح سویرے تولیہ کندھوں پر رکھ کر نہانے کے لیے ا جاتے ہیں نوجوان لڑکے دن بھر اور رات گئے تک ٹولیوں کی شکل میں آزادانہ طور پر گھومتے ہیں ان لوگوں کا کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں پولیس بھی خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہی ہے جب سے شہر میں غیر مقامی نوجوانوں کی آمد ہوئی ہے تب سے تھانہ گوجر خان کی حدود میں کرائم بڑھ گیا متعدد بار غیر رجسٹرڈ افراد کی رجسٹریشن کی چیکنگ کے حوالے سے اس پیچیدہ مسئلے کو ہائی لائٹ کیا گیا مگر مقامی پولیس ٹس سے مس نہیں ہوئی یہ مقامی لوگوں کو یہ بھی معلوم نہیں کہ یہ لوگ کہاں کہاں سے آئے ہیں انہیں بیشتر کی زبان کی سمجھ نہیں آتی ہے کیا بولتے ہیں شہری حلقوں نے آئی جی پنجاب، آر پی او، سی پی او راولپنڈی کو اس پیچیدہ مسئلے پر سختی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں کرایہ داری ایکٹ پر عملدرآمد کروانے کے لیے ایک گرینڈ آپریشن کیا جائے ان تمام غیر مقامی غیر رجسٹرڈ اکیلے نوجوانوں اور دیگر ایریاز میں ل غیر رجسٹرڈ فیملیز کی تھانے میں رجسٹریشن کروانے کے ساتھ ساتھ بغیر فیملیز کے رہائش پذیر نوجوانوں کی رہائشیں آبادی والے ایریاز سے باہر کمرشل ایریاز میں پلازوں اور فلیٹس میں منتقل کروائی جائیں تاکہ ہماری فیملیز اور بچے بلاخوف و خطر اور آزادانہ طور باہر گلی محلے میں نکل سکیں

بقیہ 56

یہ موصول ہوئی تھیں کہ سگے ماموں نے نشہ آور دوا پلا کر اپنے 2 بھانجوں کو قتل کر دیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ ملزم لاشیں کھیتوں میں پھینک کر فرار ہو گیا، مقتول بچوں کی عمر 10 سال کے قریب ہے۔ پولیس کے مطابق واقعہ کی اطلاع ملتے ہی کارروائی کی اور قتل کے الزام میں بچوں کے ماموں کو گرفتار کر لیا۔ تفتیش کے دوران پتہ چلا کہ ملزم نے اپنے بھانجوں کو گلا گھونٹ کر قتل کیا ہے۔

بقیہ 57

پاسپورٹ آفس میں 2 گھنٹے تک کام رکا رہا جس کے باعث شہریوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ نادرا کے پاسپورٹ دفاتر سے منسلک سسٹم میں فنی خرابی ہوئی جس کے باعث پاسپورٹ کے لیے درخواست گزاروں کے کوائف اپ لوڈ نہ ہو سکے۔ ذرائع کے مطابق پاسپورٹ کے لیے آنے والے شہریوں کو تصویر اور بائیومیٹرک کے بعد طویل انتظار کرنا پڑا۔ ذرائع نے بتایا کہ 2 گھنٹے بعد سسٹم بحال ہونے پر دوبارہ انٹری کا کام شروع کیا گیا۔

بقیہ 58

اے کے مطابق مسافروں کی آمد و روانگی کے حوالے سے سسٹم میں کوئی سفری ریکارڈ موجود نہ تھا۔ ملزمان فلائٹ نمبر ای وائے 242 سے یونان جا رہے تھے۔ ملزمان محمد زبیر، وحید اختر، اور اسد دانیال نے فی کس 25 لاکھ روپے کے عوض ایجنٹوں سے کارڈ اور جعلی اسٹیمپس لگوائیں۔ ملزمان کی نشاندہی پر ایجنٹ کو ائیرپورٹ کی حدود سے گرفتار کر لیا گیا۔ محمد دلدار نامی ایجنٹ کا تعلق سیالکوٹ سے ہے جس کے موبائل سے متعدد پیغامات اور جعلی سفری دستاویزات برآمد کرلی گئی ہیں۔ ملزمان کو قانونی کارروائی کے لئے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل لاہور منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 59

گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کی گاڑی اور خاتون کے پرس سے 5 کلوگرام چرس برآمد ہوئی۔ ملتان انٹرنیشنل ائیرپورٹ پر بھکر کی رہائشی 2 خواتین سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کے سفری بیگوں سے مجموعی طور پر 1 کلو 650 گرام آئس برآمد ہوئی۔ ملزمان پرواز نمبر پی اے 870 کے ذریعے سعودی عرب کے لئے روانہ ہو رہے تھے۔ کوٹ عبدالمالک ٹول پلازہ کے قریب افغان باشندے اور پشاور کے رہائشی ملزم کو گرفتار کیا گیا، ملزمان کی گاڑی سے 1 کلو 30 گرام ہیروئن اور 440 گرام آئس برآمد ہوئی۔ ترجمان کے مطابق شیخ سرور روڈ ڈی جی خان پر مسافر بس میں سوار ملزم سے 1 کلوگرام آئس برآمد ہوئی۔ نوکنڈی میں کارروائی کے دوران چھپائی گئی 30 کلوگرام افیون برآمد کی گئی، برآمد شدہ منشیات کسی دیگر گروہ کے حوالے کرنے کی غرض سے ذخیرہ کی گئی تھی۔ ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کا نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کا دورہ

جدید منصوبے کی اہمیت اور ایرو اسپیس، سائبر اور کمپیوٹنگ کے شعبوں میں قومی منظر نامے میں انقلاب برپا کرنے کی اسکی صلاحیت کو اجاگر کیا

نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک آمد پر سربراہ پاک فضائیہ ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا

کراچی (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا نے نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کا انتہائی اہم دورہ کیا جو کہ پاک فضائیہ کے زیر سایہ وجود میں آنے والا ایک بہترین تزویراتی منصوبہ ہے۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کے دورے نے اس جدید منصوبے کی اہمیت اور ایرو اسپیس، سائبر اور کمپیوٹنگ کے شعبوں میں قومی منظر نامے میں انقلاب برپا کرنے کی اسکی صلاحیت کو اجاگر کیا۔ نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک آمد پر سربراہ پاک فضائیہ ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر پرنسپل اسٹاف آفیسرز سمیت اعلیٰ سطحی سول و عسکری (بقیہ نمبر 1)

کراچی، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد نیشنل ایرو اسپیس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کے مختلف سٹالز کا درہ کررہے ہیں

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کوٹری کی اسٹوڈنٹس ویلفیئر ڈسپلن کونسل کی تقریب حلف برداری

کالج پرنسپل پروفیسر خدیجۃ الکبریٰ مہمان خصوصی تھیں۔ ہیڈ گرل، پریفیکٹ، پیٹرولز میں اساتذہ کے ساتھ بیجز کی تقسیم کی گئی

کاؤنسل ممبرز پروفیسرز، شکیلہ میمن، عصمت بانو، رافعہ سبحانی و ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن عائشہ ارم نے اجرک و گلدستے پیش کیئے

کوٹری (عائشہ پرویز) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کوٹری کی اسٹوڈینٹس ویلفیئر ڈسپلن کاؤنسل کی تقریب حلف برداری منعقد کی گئی۔ جس میں شروع ہوئے تعلیمی سیشن کے لیئے منتخب ہیڈ گرل، مختلف اسٹالز و بیجز ہولڈر طالبات سے حلف لیا گیا۔ کالج پرنسپل پروفیسر خدیجۃ الکبریٰ تقریب کہ مہمان خصوصی تھیں۔ جن کی آمد پر انہیں کاؤنسل ممبرز پروفیسرز، شکیلہ میمن، عصمت بانو، رافعہ سبحانی اور ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن عائشہ ارم نے خوش آمدید کہا اور اجرک و گلدستے پیش کیئے۔ حلف برداری سے قبل دلکش رنگا رنگ ایرینا میں کالج پرنسپل پروفیسر خدیجۃ الکبریٰ نے کاؤنسل میمبرز و دیگر اساتذہ کے ساتھ ہیڈ گرل، پریفیکٹس اور پیٹرولز میں اسٹالز و بیجز کی تقسیم کی . کیپیرنگ کے (بقیہ نمبر 2)

گیارہ ماہ کے بچے کو پٹخ کر مارنے کا واقعہ، جنونی ملزم گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں 11 ماہ کے بچے کو زمین پر پٹخ کر مارنے کا واقعہ، وفاقی پولیس نے جنونی ملزم کو گولڑہ کے قریب سے گرفتار کرلیا،،، ملزم نے اعترافی بیان بھی پولیس کو ریکارڈ کرا دیا۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ کا آغاز

،انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے 32 طلباء و طالبات نے شرکت کی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ کا آغاز، انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے 32 طلباء و طالبات نے شرکت کی، دو ہفتے کے انٹرن شپ پروگرام میں طلباء و طالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچرز دیئے جائیں گے، انٹرن شپ پروگرام کے پہلے روز سی پی او راولپنڈی، ایس ایس (بقیہ نمبر 4)

سی پی او سید خالد ہمدانی انٹرن شپ پروگرام کے طلباء و طالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچرز دیتے ہوئے

پاکستان کو دہشت گردی جھیلنے میں نصف کھرب ڈالرز کا نقصان

پاکستان دہشتگردی سے شدید متاثر ہے جس کے نتیجے میں ملک کو 2002 سے 0.5 ٹریلین ڈالرز کا نقصان اٹھانا پڑا ہے

نوجوان نسل قوم کا قیمتی اثاثہ ہے۔ جن کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے، سابق سیکرٹری خارجہ سہیل محمود

اسلام آباد (حاجی ندیم سے) پاکستان کے سابق سیکرٹری خارجہ سہیل محمود نے سینٹر فار اسٹریٹجک پرسپیکٹو (سی ایس پی) میں انسانی تحفظ کے ذریعہ ترقی کے عنوان سے خصوصی رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان دہشت گردی سے شدید متاثر ہے جس کے نتیجے میں ملک کو 2002 سے 0.5 ٹریلین ڈالرز کا نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ جس نے انسانی تحفظ سے متعلق چیلنجوں کو حل کرنے میں (بقیہ نمبر 5)

اسٹیل میلٹرز کا 10 ارب روپے کا بوگس انوائسز کا فراڈ پکڑ لیا

نجی میلٹرز نے مبینہ طور پر 5 ارب 32 کروڑ روپے کا ان پٹ ٹیکس کلیم کیا، ذرائع

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے اسٹیل میلٹرز کا 10 ارب روپے کا بوگس انوائسز کا فراڈ پکڑ لیا۔ مبینہ بوگس انوائسز کے ذریعے فراڈ کرنے والے اسٹیل میلٹرز کی درجہ بندی کرلی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نجی میلٹرز نے مبینہ طور پر 5 ارب 32 کروڑ روپے کا ان پٹ ٹیکس کلیم کیا۔ فیک اینڈ فلائنگ انوائسز کے ذریعے نجی میلٹرز نے ان پٹ ٹیکس کلیم کیا۔ ذرائع کے مطابق دیگر نجی اسٹیل میلٹرز نے 72 کروڑ روپے کا ان پٹ ٹیکس کلیم کیا۔ اسٹیل میلٹرز نے پرانا اسٹاک ظاہر کرکے 2 ارب 70 کروڑ روپے کا ان پٹ ٹیکس (بقیہ نمبر 6)

غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کو 31 اکتوبر تک پاکستان چھوڑنا ہوگا

دوسری صورت میں قانون نافذ کرنے والے ادارے گرفتاری یقینی بنائینگیا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات ونشریات نے کہا ہے کہ غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کو 31 اکتوبر تک پاکستان چھوڑنا ہو گا۔ اپنے بیان میں وزارت اطلاعات نے کہا کہ غیر قانونی اور غیر ملکی افراد کے انخلا میں صرف 27 دن باقی ہیں۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ دوسری صورت میں قانون نافذ کرنے والے ادارے گرفتاری اور ملک بدری یقینی بنائیں گے۔

پیپلز پارٹی نے 18 اکتوبر کو ملک گیر انتخابی پاور شو کی تیاریاں شروع کردیں

بلاول ضلعی ہیڈ کوارٹرز پر کارکنوں کے اجتماعات سے وڈیو لنک پر خطاب کریں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے 18 اکتوبر کو ملک گیر انتخابی پاور شو کی تیاریاں زور وشور سے شروع کردیں، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو 18 اکتوبر کو ملک بھر میں ضلعی ہیڈ کوارٹرز پر کارکنوں کے اجتماعات سے وڈیو لنک پر خطاب کریں گے۔ اس سلسلے میں تمام ضلعی ہیڈ کوارٹرز پر ہونے والی تقریبات میں بڑی سکرینیں اور ساؤنڈ سسٹم لگائے جائیں گے۔ تمام پارٹی تنظیموں، الائیڈ ونگز، ٹکٹ ہولڈرز اور پارٹی کارکنان کو لازمی شرکت کی ہدایت کی گئی ہے۔ قائمقام صدر پیپلز پارٹی وسطی پنجاب رانا فاروق سعید نے کہا کہ ضلعی سطح پر تشہیری مہم چلائیں، اہم مقامات اور چوراہوں پر پارٹی پرچم لگائیں۔ جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے کہا کہ سانحہ کارساز کے حوالے سے ڈیجیٹل، فلیکس سائن اور بینرز (بقیہ نمبر 8)

استحکام پاکستان پارٹی کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات فردوس عاشق اعوان پریس کانفرنس کررہی ہیں

دریا خان نے چور گینگ کے تین ارکان کو گرفتار کرلیا

6 موٹر سائیکل، 3 موبائل فونز اور مسروقہ نقدی برآمد کر لی، مقدمہ درج

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ریجن پولیس دریا خان نے چور گینگ کے تین ارکان کو گرفتار کر کے 6 موٹر سائیکل، 3 موبائل فونز اور مسروقہ نقدی برآمد کر لی جن سے مزید تفتیش جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ دریا خان میں تھانہ سٹی پولیس چوری کی مختلف وارداتوں میں مطلوب چور گینگ کے تین ارکان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 6 موٹر سائیکلیں مالیت 8 لاکھ روپے، 3 موبائلز مالیتی 1 لاکھ 50 ہزار روپے اور 2 لاکھ 22 ہزار روپے مسروقہ نقدی برآمد کر لی جن سے مزید تفتیش جاری ہے۔

لاہور میں جوان بیٹی اور اہلیہ کا قاتل پکڑا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور میں فیکٹری ایریا کے علاقے میں جوان بیٹی اور اہلیہ کا قاتل پکڑا گیا۔ پولیس کے مطابق پچاس سالہ شکیلہ اور بیس سالہ علشبہ کی لاشیں دو روز قبل گھر کی بلائی منزل سے ملی تھیں۔ پولیس نے لاشوں کو مردہ خانے بھجوا کر تفتیش شروع کی۔ شک ہونے پر بیس سالہ علشبہ کے والد عبدالرشید کو حراست میں لیا گیا۔ ملزم نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ اس نے اپنی بیوی اور بیٹی کو (بقیہ نمبر 7)

شکر ہے نواز شریف کو 3 سال بعد دوا مل گئی، اسد عمر

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے طنزیہ انداز میں کہا ہے کہ شکر ہے کہ نواز شریف کو 3 سال بعد دوا مل گئی۔ لاہور کی انسداد دہشت گردی کی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد عمر نے کہا کہ نواز شریف کی جلسی ہوئی ہے اسے جلسہ نہیں کہوں گا، (بقیہ نمبر 9)

ستمبر میں سیمنٹ کی ترسیل میں 3.96 فیصد کمی ریکارڈ

لاہور (این این آئی) آل پاکستان سیمنٹ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کے مطابق ستمبر 2023 میں مجموعی طور پر 4.115 ملین ٹن سیمنٹ کی ترسیل ہوئی جو گزشتہ مالی سال کے اسی مہینے کے دوران ریکارڈ کیے گئے 4.284 ملین ٹن کے مقابلے میں 3.96 فیصد کی کم رہی۔ مقامی سیمنٹ مارکیٹ میں نمایاں کمی دیکھنے میں آئی جس کی ترسیل ستمبر 2022 میں 3.806 ملین ٹن سے ستمبر 2023 میں 3.544 ملین ٹن رہ گئی۔

لیگی رہنما کے گھر اور کمرشل مارکیٹ سے بجلی چوری پکڑی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی جاتی امراء سب ڈویژن میں بجلی چوروں کے خلاف آپریشن کے دوران مسلم لیگ (ن) امیدوار برائے صوبائی اسمبلی ملک عابد حسین بارا کے 2 کنال پر محیط گھر اور کمرشل مارکیٹ سے بجلی چوری پکڑی گئی۔ ترجمان لیسکو کے مطابق ڈائریکٹ سپلائی سے بجلی چوری کی جا رہی تھی۔ لیسکو ٹیم کی جانب سے کنکشنز منقطع کر کے ایف آئی آر رجسٹرڈ کروا کر 3 لاکھ 5 7 ہزار 0 7 1 روپے کا جرمانہ کیا گیا۔

گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن سے سابق وفاقی وزیر اسحاق ڈار ملاقات کررہے ہیں

پنجاب بھر کے پرائمری سکولوں کے معیار تعلیم کا جائزہ لینے کا فیصلہ

منصوبے کے تحت پانچویں جماعت کے بچوں کا امتحان لیا جائے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کے پرائمری سکولوں کے معیار تعلیم کا جائزہ لینے کا فیصلہ کر لیا گیا ،منصوبے کے تحت پانچویں جماعت کے بچوں کا امتحان لیا جائے گا۔ بتایا گیا ہے کہ لاہور سمیت پنجاب بھر کے 31 منتخب اضلاع میں پانچویں جماعت تک بچوں کا امتحان لیا جائے گا۔ امتحان اکتوبر اور نومبر کے مہینے میں لیا جائے گا۔ پیک کے (بقیہ نمبر 10)

صحت سہولت پروگرام، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی شروع

تنخواہ سے ماہانہ 362.5 روپے، سالانہ تنخواہ 4350 روپے کٹوتی ہوگی، نوٹیفکیشن

لاہور (این این آئی) صحت سہولت پروگرام کے تحت سرکاری ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی شروع کردی گئی ، تنخواہ سے ماہانہ 362.5 روپے اور سالانہ تنخواہ 4350 روپے کٹوتی ہوگی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہ سے 362.5 روپے فی کس ماہانہ کٹوتی اور سالانہ تنخواہ سے 4350 روپیکٹوتی ہوگی۔ صحت سہولت (بقیہ نمبر 11)

It Is Our Duty To Do Good To Wildlife
Speak For The Ones Without A Voice
لاہور، جانوروں کے عالمی دن کے موقع پر چڑیا گھر میں طالبات آگاہی واک میں شریک ہیں

ملک بھر میں نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کیخلاف آپریشن کا فیصلہ

فیصلے سے قومی خزانے کو 20 ارب روپے کا ریونیو حاصل ہونے کا امکان

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں معیشت کی بہتری کے لئے جاری اقدامات کے بعد نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کے خلاف بھی آپریشن کا فیصلہ کرلیا گیا، ایک اندازے کے مطابق اب تک ایسی ایک لاکھ سے زائد گاڑیاں پولیس کے پاس باضابطہ رجسٹر کی گئی ہیں، جنہیں ریگولرائز کیا جائے گا جبکہ ان کے علاوہ بھی 2 سے 3 لاکھ گاڑیاں بغیر رجسٹریشن کے چل رہی ہیں، اس عمل سے سرکاری خزانے میں 20 ارب روپے سے زائد کا ریونیو آنے کا امکان ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور دیگر سرکاری اداروں کے ذرائع سے ملنے والی معلومات کے مطابق نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کے خلاف آپریشن کا فیصلہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر کے حالیہ دورہ پشاور کے دوران کیا گیا، جس کے بعد متعلقہ اداروں نے ملک میں غیرقانونی چینل سے داخل ہونے والی گاڑیوں کا ڈیٹا نکال لیا ہے۔ ان ذرائع کا کہنا ہے کہ اگر وہ تمام گاڑیاں (بقیہ نمبر12)

پہلی بار ٹیکس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے 65 کروڑ کی ریکوری

12 دن کی قلیل مدت میں ایک بڑا ہدف مکمل نیا باب رقم کردیا ہے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی تاریخ میں پہلی بار ٹیکس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے 65 کروڑ کی ریکوری کرتے ہوئے ناممکن کو ممکن بنا دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ سی او عمران گلزار کے احکامات پر 18 ستمبر سے نوتعینات ٹیم نے وحید قمر اور عنایت اللہ خان کی سربراہی میں کام کرتے ہوئے 12 دن کی قلیل مدت میں ایک بڑا ہدف کو چھوتے ہوئے ایک نیا باب رقم کر دیا ہے۔ جس کو کینٹ بورڈ کی جانب سے سراہتے ہوئے بہترین کار کردگی دیکھانے والے ملازمین کو انعام سے نوازنے بارے بھی غور کیا(بقیہ نمبر 13)

سی پی او سید خالد ہمدانی انٹرن شپ پروگرام کے طلباء و طالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچر دیتے ہوئے

اے این ایف کی کارروائیاں، 39 کلو منشیات برآمد، 9 ملزمان گرفتار

ایک ملزم کو خاتون سمیت موٹروے ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب سے گرفتار کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے میں 39 کلو منشیات برآمد کرکے نو ملزمان گرفتار کر لئے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق 5 کارروائیوں میں 39 کلو گرام منشیات برآمد کر کے افغان باشندے اور 3 خواتین سمیت 9 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ اے این ایف کے ترجمان نے بتایا کہ ایک ملزم کو خاتون سمیت موٹروے ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب سے گرفتار کیا گیا، ملزمان کی گاڑی اور خاتون کے پرس سے 5 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ ترجمان (بقیہ نمبر 14)

ZARGAR RUGS
چیف ایگزیکٹو ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی زبیر موتی والا میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

موٹروے پولیس ایم ٹو نے ایمانداری کی مثال قائم کردی

ساڑھے چھ لاکھ روپے مالیت کا سونا مالک کے حوالے کردیا گیا

لاہور (این این آئی) موٹروے پولیس ایم ٹو نے ایمانداری کی مثال قائم کر دی ، شیخوپورہ رہسٹ ایریا سے ملنے والے ساڑھے چھ لاکھ روپے مالیت کا سونا مالک کے حوالے کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق اسلام آباد جانے والے شہری کے قیمتی گولڈ چین، رنگ اور سامان ریسٹ ایریا میں رہ گیا تھا۔ شہری ارسلان نے موٹروے پولیس ہیلپ لائن 130 پر اطلاع دی، پٹرولنگ آفیسران شاہد اور صبا علوی نے سروس ایریا سے قیمتی سامان کو تلاش (بقیہ نمبر 15)

پاکستان میں رواں سال پولیو کا تیسرا کیس سامنے آگیا

بنوں میں ڈیڑھ سالہ بچی پولیو وائرس کے نتیجے میں معذور ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں رواں سال پولیو کا تیسرا کیس سامنے آگیا۔ وفاقی حکام کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کی یونین کونسل گھوڑا بکا خیل میں ایک ڈیڑھ سالہ بچی پولیو وائرس کے نتیجے میں معذور ہوگئی۔ وفاقی حکام کے مطابق اب تک پولیو سے متاثر ہونے والے بچوں کی تعداد 3 ہوگئی اور پولیو سے متاثر تینوں بچے ضلع بنوں(بقیہ نمبر 16)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

حکومت نے اہم تنصیبات اور اہلکاروں کی سیکورٹی بڑھا دی

غیر قانونی تارکین وطن کو پاکستان کی سرزمین سے 31 اکتوبر تک بے دخل کرنیکی ڈیڈ لائن دی گئی ہے

حکومت کا ڈیڈ لائن میں توسیع کا کوئی منصوبہ نہیں ہے کیونکہ اس کا تعین غور و خوض کے بعد کیا گیا ہے، ذرائع

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) حکومت نے دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے، غیر قانونی تارکین وطن کی ملک بدری کے فیصلوں اور دہشت گردی کے واقعات میں اضافے کے پیش نظر اہم تنصیبات اور اہلکاروں کی سیکورٹی بڑھا دی ہے۔ وزارت داخلہ کے باخبر ذرائع نے بتایا کہ غیر قانونی تارکین وطن کو پاکستان کی سرزمین سے 31 اکتوبر تک بے دخل کرنے کی ڈیڈ لائن دی گئی ہے بصورت دیگر (بقیہ نمبر 17)

پرائیویٹ رکشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے کا فیصلہ

کوڑا کرکٹ /تعمیراتی ملبہ خالی جگہوں پر نہ پھینکیں، راولپنڈی کینٹ بورڈ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) تفصیلات کے مطابق راولپنڈی کینٹ بورڈ نے اوپن جگہوں اور نالوں پر پرائیویٹ لوڈر رکشہ جو کوڑا کرکٹ /تعمیراتی ملبہ پھینکتے ہیں ان کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ راولپنڈی کینٹ نے شہریوں (بقیہ نمبر 18)

صحافی نصیر بھٹی کی خالہ حاجی اشرف کی ہمشیرہ کو سپرد خاک کردیا گیا

نماز جنازہ میں پوٹھوہار پریس کلب کے صحافیوں، سیاسی وسماجی کاروباری شخصیات کی شرکت

گوجرخان (قمر شہزاد) پوٹھوہار پریس کلب کے ممبر سینئر صحافی نصیر بھٹی کی خالہ سیاسی وسماجی شخصیت حاجی اشرف کی ہمشیرہ شدید علالت کے بعد وفات پا گئیں مرحومہ کی نماز جنازہ بڑی چوہان والے گراونڈ میں ساڑھے 11 بجے ادا کی گئی انکو مقامی قبرستان (بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی، پاکستان نیوی وار کالج میں 53 ویں پی این سٹاف کورس کے شرکاء کا آئی پی ایس دورہ کے موقع پر گروپ فوٹو

کلر سیداں پولیس کا پرانی منڈی و گردونواح میں سرچ آپریشن

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) کلر سیداں پولیس کا پرانی منڈی و گردونواح میں سرچ آپریشن، سرچ آپریشن میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ۔ تفصیلات کے مطابق کہوٹہ پولیس نے متور و گردونواح میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں مقامی پولیس سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حصہ کی، سرچ آپریشن کے دوران 25 گھروں(بقیہ نمبر 19)

قتل و اقدام کے مقدمہ میں مطلوب نامزد اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) گوجرخان پولیس کی اہم کاروائی، قتل و اقدام کے مقدمہ میں مطلوب نامزد اشتہاری مجرم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے قتل و اقدام کے مقدمہ میں نامزد اشتہاری مجرمان طارق کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم طارق نے مکان کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے سلطان محمود کو قتل اور زاہد کو زخمی کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے بیٹے کی مدعیت میں تھانہ گوجرخان میں درج کیا گیا تھا، واقعہ (بقیہ نمبر 21)

مدرسہ کے اندر بچے کے ساتھ جنسی درندگی کا گھناؤنا انکشاف

بچے کی والدہ تھانہ شہزاد ٹاؤن پہنچ گئی۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، ذرائع

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ترلائی کلاں محلہ نورانی مسجد، مدرسہ کے اندر مدرسہ انتظامیہ کی زیر نگرانی بارہ ربیع الاول جیسے مقدس دن بچے کے ساتھ جنسی درندگی کا گھناؤنا انکشاف۔ بچے کی والدہ تھانہ شہزاد ٹاؤن پہنچ گئی۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ذرائع کے مطابق مدرسہ انتظامیہ کے ملوث ہونے کا انکشاف۔ مدرسے میں معصوم بچوں کے والدین کی شکایتیں انتظامیہ کی طرف سے والدین کو خاموش رہنے کی تلقین۔ گورکھ دھندا جاری۔ اسلامی ملک اور مدرسوں کے اندر سے درندگی ختم نہ ہو سکی۔ جنسی بھیڑیے اپنی ہوس بجھانے کے لئے معصوم بچوں پر جنسی درندگی (بقیہ نمبر 22)

ڈی جی سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل اہم آن لائن اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

دوہرے اندھے قتل میں ملوث اجرتی قاتل گروہ کے دو ملزمان گرفتار

ملزمان فائرنگ کر کے دو اشخاص کو قتل کرنے کے بعد موقع سے فرار ہوگئے تھے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ رمنا اور ہومی سائیڈ یونٹ پولیس ٹیموں کی کارروائی، دوہرے اندھے قتل میں ملوث بین الصوبائی اجرتی قاتل گروہ کے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا، گرفتار ملزمان اسلحہ آتشیں سے فائرنگ کر کے دو اشخاص کو قتل(بقیہ نمبر 23)

وفاقی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری

مختلف علاقوں سے 10 جرائم پیشہ عناصر گرفتار، چرس، ہیروئن اور غیر قانونی اسلحہ برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری، 24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں سے 10 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے چرس، ہیروئن اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 10 جرائم پیشہ(بقیہ نمبر 25)

راولپنڈی، ٹریفک وارڈن اوورلوڈ گاڑی اور بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سوار کا چالان کاٹ رہا ہے

مالی فراڈ اور جنسی ہراسگی میں ملوث ملزمان گرفتار کرلئے گئے

ر اولپنڈی (این این آئی) ایڈیشنل ڈائریکٹر سائبر کرائم راولپنڈی چوہدری عبدالرؤف کی ہدایات پر ایف آئی اے کی ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے مالی فراڈ اور جنسی ہراسگی میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم محمد ریاض کو مالی فراڈ اور رمیض خان کو جنسی ہراسانی کے جرم میں گرفتار کیا گیا۔ ملزم محمد ریاض کو مظفر گڑھ جبکہ رمیض خان کو راولپنڈی سے چھاپہ مار کارروائیوں میں گرفتار (بقیہ نمبر 24)

چیئرمین پی ٹی آئی صدر مملکت سے بہت مایوس اور دکھی ہیں، علیمہ خان

لاہور (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی صدر مملکت سے بہت مایوس اور دکھی ہیں کہ انہوں نے الیکشن کی تاریخ کا اعلان نہیں کیا، چیئرمین کا خیال تھا کہ ہمارے صدر کو اتنے اہم وقت اپنی قوم کے لئے کھڑا ہونا چاہیے تھا۔ انسداد دہشت گردی عدالت لاہور میں 9 مئی جلاؤ گھیراؤ مقدمات کی سماعت کے بعد علیمہ خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کمزور ہورہے ہیں اور ان کا وزن بہت کم ہوگیا

صارفین بجلی کے بل بروقت ادا کریں آئیسکو چیف

رنگ اور ڈیڈ ڈیفالٹرز بجلی نادہندگان کے خلاف بلا امتیاز کارروائیوں کا سلسلہ ریجن بھر میں کامیابی سے جاری

بل ادا نہ کرنے والوں کے میٹرز منقطع اور ایف آئی آر کا اندراج کیا جارہا ہے۔ ڈاکٹر محمد امجد خان آئیسکو چیف

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) رنگ اور ڈیڈ ڈیفالٹرز سے بجلی واجبات کی وصولی کیلئے حکومت پاکستان اور وزارت توانائی کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے آئیسکو کے تمام آپریشن سرکلو میں ریکوری ٹیموں کی بلا امتیاز اور بھرپور کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق 03 اکتوبر 2023 کو ایک ہی دن میں اسلام آباد سرکل نے 9 2 1 صارفین سے 21 لاکھ 32 ہزار سے زائد، راولپنڈی سٹی سرکل نے 47 صارفین سے 7 لاکھ 28 ہزار سے زائد، جہلم سرکل نے 9 2 صارفین سے 6 لاکھ 3 5 ہزار سے زائد، چکوال سرکل نے 42 صارفین سے 5 لاکھ 27 ہزار سے زائد جبکہ راولپنڈی کینٹ سرکل نے 32 نادہندگان سے 2 1 لاکھ 5 ہزار (بقیہ نمبر 26)

سائفر کیس کے ملزمان میں چالان کی نقول تقسیم نہ ہوسکیں

وکلاء کو عمران خان اور شاہ محمود سے اڈیالہ جیل میں قائم کمرہ عدالت میں ملاقات کی اجازت

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کے خلاف راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں آفیشل سیکریٹ ایکٹ کے تحت سائفر کیس کی سماعت کے دوران ملزمان میں چالان کی نقول تقسیم نہیں کی جا سکیں، کیس کی سماعت 9 اکتوبر تک ملتوی کر دی گئی۔ آفیشل سیکریٹ ایکٹ کی خصوصی عدالت کے جج ابو الحسنات ذوالقرنین نے(بقیہ نمبر 27)

قائم مقام چینی قونصل جنرل لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور کے ہمراہ کیک کاٹ رہے ہیں

مقدمہ قتل کی پیشی پر آنے والے شہری کو مخالفین نے قتل کردیا

جائے واردات سے فرار، مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کردی

سرگودھا (ظہور حسین سے) تحصیل کچہری مقدمہ قتل کی پیشی پر آنے والے شہری کو مخالفین نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ پولیس نے مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دی اور جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے تاریخی قصبہ بھیرہ کے علاقہ موضع ملکووال رکھ چرگاہ کا محمد شیراز اپنے ساتھیوں کے ہمراہ مقدمہ قتل کی پیشی پر تحصیل کچہری بھلوال آرہا تھا کہ چک 13 راجگان کے قریب گھات لگائے مخالفین نے نے فائرنگ کر کے محمد شیراز کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے۔

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی، 05 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی ،05 ملزمان گرفتار، 15 لیٹر، 03 بوتل شراب ،اسلحہ وایمونیشن اور 05 ڈوریں برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق مورگاہ پولیس نے ملزم ضمیر خان سے 15 لیٹر شراب، ٹیکسلا پولیس نے ملزم وحید سے 03 بوتل شراب، ویسٹریج پولیس نے ملزم کامران سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، گوجرخان پولیس نے ملزم مناظر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ائرپورٹ پولیس نے ملزم دانیال سے 05 ڈوریں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔

راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، 16 ملزمان گرفتار، ساڑھے 15 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے ملزم گلناسب سے 02 کلو چرس، ملزم اعجاز سے 870 گرام چرس، رتہ امرال پولیس نے ملزم توصیف سے 01 کلو 600 گرام چرس، صادق آباد پولیس نے ملزم احسن سے 01 کلو 435 گرام چرس، ملزم عادل سے 01 کلو 420 گرام چرس، ملزم یاسر سے 01 کلو 40 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم یوسف سے 01 کلو 250 گرام (بقیہ نمبر 28)